صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز بدھ مورخہ 14 جون 2017ء بمطابق 18 رمضان المبارک 1438 ہجری بعداز دوپہر دو بجکر بیس منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، اسد قیصر مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيۡطٰنِ الرَّجِيمِ۔ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيمِ۔

اِنَّاۤ اَنۡزَلۡنٰهُ فِىۡ لَيۡلَةِ الۡقَدۡرِ O وَمَاۤ اَدۡرٰٮكَ مَا لَيۡلَةُ الۡقَدۡرِ O لَيۡلَةُ الۡقَدۡرِ خَيۡرٌ مِّنۡ اَلۡفِ شَهۡرٍ O تَنَزَّلُ الۡمَلٰٓٮِٕكَةُ وَالرُّوۡحُ فِيۡهَا بِاِذۡنِ رَبِّهِمۡ مِّنۡ كُلِّ اَمۡرٍ O سَلٰمٌ هِىَ حَتّٰى مَطۡلَعِ الۡفَجۡرِ۔ صَدَقَ اللّٰهُ الۡعَظِيمِ۔

ترجمہ: ہم نے اس قرآن کو شب قدر میں نازل کرنا شروع کیا۔ اور تمہیں کیا معلوم کہ شب قدر کیا ہے؟۔ شب قدر ہزار مہینے سے بہتر ہے۔ اس میں روح الامین اور فرشتے ہر کام کے لیے اپنے پروردگار کے حکم سے اترتے ہیں۔ یہ رات طلوع صبح تک امان اور سلامتی ہے۔ وآخِرُالدَّعۡوَانا اَنِ الۡحَمۡدُ لِلّٰهِ رَبِّ الۡعٰلَمِينَ۔

اراکین کی رخصت

جناب سپیکر: یہ چھٹی کی درخواستیں ہیں: جناب اعظم خان درانی صاحب 14 جون، فخر اعظم وزیر، سردار ظہور احمد، الحاج ابرار حسین، منظور ہیں جی؟

(تحریک منظور کی گئی)

سالانہ مطالبات زر برائے مالی سال 18-2017 پر بحث ورائے شماری

Mr. Speaker: Demand No. 5, honourable Minister, Senior Minister for Health.

اراکین: کیا آج کوئی آرڈر ہے؟

جناب سپیکر: نہیں، آرڈر آج نہیں ہے۔ ہیلتھ منسٹر، پلیز۔ ہیلتھ منسٹر۔

جناب اعزاز الملک: جناب سپیکر صاحب! پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب سپیکر: جی جی، ایک منٹ، یہ چونکہ آج نہیں بنتا پوائنٹ آف آرڈر، جی جی۔

جناب شہرام خان {سینیئر وزیر (صحت)}: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریہ جناب سپیکر۔ میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 9 کروڑ 59 لاکھ 82 ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دے دی جائے جو کہ 30 جون 2018 کو ختم ہونے والے سال کے دوران انفارمیشن ٹیکنالوجی کے سلسلے میں برداشت کرنا ہوں گے۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that a sum not exceeding rupees 9 crore, 59 lac, 82 thousand only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2018, in respect of Information Technology.

Cut Motions on Demand No. 5. Mr. Muhammad Ali!

جناب محمد علی: شکریہ سپیکر، میں ایک لاکھ روپے کی کٹ موشن پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees one lac only. Mr. Muhammad Sheeraz Khan!

جناب محمد شیراز: میں پانچ کروڑ روپے کی کٹ موشن پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees five crore only. Mr. Fakhr-e-Azam Wazir, lapsed. Mr. Jafar Shah!

جناب جعفر شاہ: میں دس روپے کی کٹ موشن پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees ten only. Said Mufti Jnan, lapsed. Mr. Sardar Zahoor, lapsed. Mr. Mehmood Bettani, Mehmood Bettani!

جناب محمود احمد خان: Withdraw یم جی۔

جناب اعزاز الملک: جناب سپیکر! پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب سپیکر: اس طرح نہیں ہوتا سر! یہ رولز ہوتے ہیں اور یہ بجٹ اجلاس ہے، اس طرح نہیں ہوتا اس طرح، جی جی، پوائنٹ آف آرڈر آپ مجھے آرڈر نہیں کر سکتے، میں دیکھوں گا کہ وہ بنتا ہے کہ نہیں بنتا، آپ بیٹھ جائیں، پلیز۔ ہاں جی، جی جی Withdraw، مسٹر سردار حسین بابک، سردار حسین بابک!

جناب سردار حسین: یو منت، ما دا دوہ لستونہ دغہ کڑی دی، بخښنہ غواړمہ۔۔۔۔

جناب سپیکر: ڈیمانڈ نمبر 5؟

جناب سردار حسین: اؤ ډیمانډ نمبر 5 دے، اوس پہ دیکښې۔۔۔۔

جناب سپیکر: چلو نیکسٹ کر لیں۔

جناب سردار حسین: دا زما نہ دے، دا زما نہ دے۔

جناب سپیکر: ثوبیہ شاہد!

محترمہ ثوبیہ شاہد: سر! میں نو ہزار نو سو ننانوے روپے کی کٹ موشن پیش کرتی ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees nine thousand, nine hundred, ninety nine only. Mr. Abdulsattar, lapsed. Madam Uzma Khan, Madam Ruqia Hina!

محترمہ رقیہ حنا: میں Withdraw کرتی ہوں۔

Mr. Speaker: Withdrawn. Madam Aamna Sardar. Sahibzada Sanaullah!

صاحبزادہ ثناء اللہ: بیس روپے کی کٹ موشن پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees twenty only. Mr. Muhammad Rashad Khan, Mr. Babar Khan, lapsed. Ji, Muhammad Ali! Mr. Muhammad Ali!

جناب محمد علی: شکریه جناب سپیکر۔ د انفارمیشن ټیکنالوجی اهمیت د چا نه پټ پناه نه دے چې په ادارو کښې او د صوبې د ادارو د پرفارمنس او کارکردګئ د پاره هغه ګومره Important دے۔ منسټر صاحب چونکه ناست دے او دوئ بېشکه په دې سیکټر کښې به ئے ډیر کار هم کړے وی خو چونکه داسې موقع چرته نه ده راغلې چې اسمبلئ ته په هغې باندې چرته ډسکشن شوے دے یا دوئ خپل پرفارمنس رپورټ دلته پیش کړے دے ، نو زما ګزارش دے منسټر صاحب نه په آئی ټی په دې سیکشن کښې اوسه پورې څومره پیشرفت دې محکمې کړے دے که د هغې لږ وضاحت اسمبلئ ته اوشی نو ښه ده مونږ ته به هم پته اولګی۔

Mr. Speaker: Mr. Sheeraz Khan, lapsed. Mr. Fakhr-e-Azam Wazir. Syed Jafar Shah Sahib!

جناب جعفر شاه: تهینک یو جناب سپیکر صاحب۔ زه د آئی ټی په حواله سره منسټر صاحب نه به دا وضاحت غواړمه چې د آئی ټی بورډ ، د هغې پوره وخت اوشو چې It is in placed او د هغې سره فنډ هم ما اؤریدلی دی چې پروت دے خو هغه یوټیلائز کیږی نه، یو ارب روپئ دی یا Something like that، سټاف هم پوره دے ، د هغې کارکردګی څه ده ؟

Mr. Speaker: Mr. Sardar Zahoor, lapsed. Bettani, Sardar Hussain Babak Sahib!

جناب سردار حسین: سپیکر صاحب! زما دیکښې نشته۔

جناب سپیکر: اچھا، میڈم ثوبیه شاهد۔

محترمه ثوبیه شاهد: جناب سپیکر صاحب! آئی ٹی میں ابھی تک ان کے جتنے ملازمین ہیں، دس دس بارہ سال ان کو کوئی ترقی نہیں ملی۔ ان کا کام بہت زیادہ ہوتا ہے اور لاسٹ ٹائم بھی ان کا بہت زیادہ مسئلہ رہا ہے اور نہ ہماری آئی ٹی کو اس صوبے میں جتنا اس کو آگے جانا چاہیئے، کوئی فروغ نہیں ملا اور نہ اس کو کوئی منسٹر صاحب اہمیت دے رہا ہے اور نہ اس کی کوئی ڈسکشن ہے، نہ کوئی اس کی میٹنگ ہوتی ہے، اس کو کوئی ہمارے صوبے میں توجہ نہیں دیا جا رہا۔

جناب سپیکر: جی سوری، عبدالستار، عظمیٰ، آمنہ سردار!

محترمہ آمنہ سردار: شکریہ جناب سپیکر۔ میں آئی ٹی منسٹر صاحب کی توجہ چاہوں گی۔ میرا سوال اس طرح سے ہے کہ آئی ٹی بورڈ بنایا گیا ہے تو مجھے یہ بتایا جائے کہ آئی ٹی بورڈ کی ضرورت تھی کیونکہ آئی ٹی کا جو ڈیپارٹمنٹ ہے یہ تو Already existing تھا، کام کر رہا تھا، آئی ٹی بورڈ کی کیا ضرورت پڑ گئی؟ کیا کسی کو Oblige کرنے کیلئے یا کسی کو ایڈجسٹ کرنے کیلئے یہ بنایا گیا ہے؟ یہ ذرا پلیز وضاحت کر دیجئے، بہت شکریہ۔

جناب سپیکر: جی شہرام خان، صاحبزادہ ثناءاللہ، سوری، صاحبزادہ ثناءاللہ۔

صاحبزادہ ثناءاللہ: جناب سپیکر! د آئی ٹی پہ حوالہ باندې چونکہ خبرہ کول بنہ خبرہ دہ، بہترہ دہ چې مونږہ پہ دې باندې بنہ پورہ تفصیلي بحث هم اوکړو او هغہ کوم کمے چې دے هغہ پہ گوتہ کړو خو زما خپل ذاتي یو تجویز دا دے چې فرض کړہ دا دوہ درې داسې محکمې دي چې هغہ د عوامو سرہ ډیر نزدیکت خوري او نزدې والے خوري چې د هغې د وجې نہ فائدہ هم کیدے شي او نقصان هم عوامو تہ کیږي نو زما خپل ذاتي دا خیال دے چې دا نورې محکمې لږې دغہ کړو، دا دوہ درې گھنټې کہ لږ ټائم وي نو زما خو دې خپلو ملگرو تہ دا خواست دے چې هغہ چې چرتہ زیات د بحث ضرورت دے او واقعي پہ هغې کښې، نو پہ دې وجہ باندې زہ پہ دې باندې دا خپل کټ موشن واپس اخلم۔

جناب سپیکر: جی جی، شہرام خان، آپ رشاد خان بات کر لیں۔

جناب محمد رشاد خان: میں Withdraw کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: Okay, withdrawn.

سینئیر وزیر (صحت): ٹھیک شوہ جی۔ تھینک یو جی۔ جناب سپیکر صاحب! انتہائی Important ہے انفارمیشن ٹیکنالوجی کے حوالے سے کیونکہ سب کو پتہ ہے کہ ٹیکنالوجی کے بغیر چلنا ناممکن ہے۔ آج اس اسمبلی میں دیکھ لیں ماشاءاللہ ہر ممبر کے سامنے ایک سکرین لگا ہوا ہے اور یہ وہ ساری چیزیں ہیں جو پوری دنیا Adopt کر رہی ہے۔ میرے معزز دوستوں نے، ایم پی ایز صاحبان نے کوسچین کیا کہ ٹیکنالوجی بالکل Important ہے لیکن ابھی تک کیا Achieve ہوا؟ تو میں دو تین چیزیں کہہ دوں، پہلے تو آئی ٹی

ڈائریکٹوریٹ کا، کیونکہ وہ Existence میں تھا اور ٹریفک کنٹرول سسٹم اور ٹریفک ایف ایم، آئی ٹی ڈیپارٹمنٹ نے بنایا اس صوبے کا، Enablement of Municipal Corporation Services، عنایت اللہ صاحب بیٹھے ہوئے ہیں، اس دن ہم نے ان کو Present بھی کیا اور ان کے ڈیپارٹمنٹ نے اس کو بڑا Appreciate بھی کیا کہ جتنا بھی پراسیس ہے یہ لوکل گورنمنٹ کا، ٹی ایم ایز کا یہ سارا Automate ہوگا، A to Z سارے پراسیسز Automate ہوں گے، ٹینڈرنگ پراسیس Automate ہوگا اور ان کے ایکسپرٹ نے اور باقی لوگوں نے کافی ڈیٹیل میں اس کو دیکھا اور ہم نے اس کو ایک پائلٹ پراجیکٹ کے تحت ان کو Introduce کروایا جو کہ عنایت صاحب نے کہا کہ جی اس کو ہم اس اے ڈی پی، باقی سارے ٹی ایم ایز میں لے کے جائیں گے، آئی ٹی ڈیپارٹمنٹ اس کو سپورٹ کرے گا، تو یہ ہم نے کیا۔ اس کے ساتھ ڈیزائنز اور ماسٹر پلان فار اسٹیبلشمنٹ اور آئی ٹی پارک ایبٹ آباد کا جو ہمارا Concept ہے، اس کو ہم Utilize کر رہے ہیں۔ اس کیلئے کمپنی سے بھی بات کی، اس سال جو ہم چین گئے تھے چیف منسٹر کی سربراہی میں، ہم نے وہاں پہ بھی کمپنیز سے بات کی کہ پشاور اور ایبٹ آباد، چونکہ سی پیک روٹ میں ایبٹ آباد آتا ہے تو ایبٹ آباد میں ہم آئی ٹی ٹاور، ہمارے پاس Already زمین ہے، کچھ پیسے ہم خود لگائیں گے اور کچھ پیسے وہاں کی جو کمپنیز ہیں، وہ کمپنیز اس میں انویسٹ کریں گی اور وہاں پہ آئی ٹی ٹاور، آئی ٹی بلاک اس میں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: پلیز، میاں صاحب!

سینیئر وزیر (صحت): اس میں جو ہے، اس کو ہم انویسٹ کر رہے ہیں۔ ICT facilitation centers اور ٹیکنیکل سپورٹ فار گورنمنٹ، کیونکہ ہمارے گورنمنٹ کے پراسیسز Automate ہو رہے ہیں، تھوڑا Slow ہے لیکن یہ پراسیس چل رہا ہے تو گورنمنٹ سروسز، گورنمنٹ سرونٹس کو ہم Train کرتے ہیں، ان کو ٹیکنالوجی کے حوالے سے ان کو ہم سکل ٹریننگ دے رہے ہیں تاکہ ان کو وہ نالج ہو جو کہ آج کل کے دور میں ہو رہا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ E-enablement سپیشل برانچ پولیس کا کیا ہے، یہ پورے صوبے میں ہوا ہے، آٹومیشن آف پبلک سروس کمیشن، فیز ٹو ہوا ہے کہ پبلک سروس کمیشن جو ہے اس کو ہم Totally Automate کر رہے ہیں، کر چکے ہیں۔ اس میں چند ان کی چیزیں رہتی تھیں، یہ ملٹی

چوائس کو نسچنز جو ہوتے ہیں، اس کیلئے ان کا ڈیٹا بینک نے بنانا تھا جو کہ جس طرح این ٹی ایس ہے، جس طرح ایٹا ہے، اس کیلئے ہم ان کو بنا رہے ہیں تاکہ یہ این ٹی ایس یا باقی جو پرائیویٹ آرگنائزیشنز ہیں، اس کی بجائے آپ کا پبلک سروس کمیشن اور آپ کا ایٹا اتنا Strengthen ہو، پبلک سروس کمیشن تاکہ ان کے پاس یہ سارے کو نسچنز ہوں، اس پہ پراسیس ہوا ہے۔E-Governance Initiative ہے، مختلف ٹریننگز ہیں جس طرح مختلف ضلعوں میں آئی ٹی سنٹرز بنائے گئے ہیں جو ٹریننگز دے رہے ہیں، یوتھ اور ان کو Skill devour اور آئی ٹی بورڈ میں بھی ہے جہاں پہ ان کو ٹریننگ دی جا رہی ہے مائیکروسافٹ کی، Oracle کی، Cisco کی ٹریننگ دی جا رہی ہے اور سرٹیفیکیشن جو کہ ایک ایک سرٹیفیکیٹ لاکھوں روپے کا ہوتا ہے، خیبر پختونخوا اپنے یوتھ کو Provide کر رہا ہے۔اس کے ساتھ لائسنس سافٹ ویئر جو آپ کا پورے صوبے میں عام لائسنس کا جو Concept ہے سارا آٹو میٹ ہوا ہے اور اس کو ابھی کمپیوٹرائزڈ لائسنسز پورے صوبے میں دیئے جا رہے ہیں۔اس سے یہ فائدہ ہوگا کہ ایک تو آپ کا ریکارڈ Automate ہو جائے گا۔دوسرا آپ کا جو پورا پراسیس ہے وہ ٹرانسپرنٹ ہوگا، ریونیو بھی جنریٹ ہوگی اور جس کے پاس وہ پرانے کارڈز تھے، پرانی جوان کی کاپیز تھیں، وہ ساری کمپیوٹرائزڈ ہو جائیں گی، ایک ڈیجیٹل ریکارڈ ہوگا، پورے صوبے میں کہیں پہ بھی پولیس اس کو چیک کر سکے گی، اس کے حوالے سے یہ ہوا ہے، Strengthening of ST & IT Department ہوا ہے، بائیو ٹیکنالوجی ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ پہ ہم نے پیسے لگائے ہیں کہ مختلف یونیورسٹیز کس طریقے سے اس میں پیسے لگاتی ہیں، جو وہ ٹریننگز کرتی ہیں یا ریسرچ کرتی ہیں، سائنس اینڈ ٹیکنالوجی ڈیپارٹمنٹ اس کو فنڈ نگ کرتا ہے۔اس کے ساتھ ساتھ میں اگر آئی ٹی بورڈ پہ آجاؤں، بی بی نے کو نسچن کیا کہ آئی ٹی بورڈ کی کیوں ضرورت پڑی؟ پوری دنیا میں آئی ٹی بورڈ یا پنجاب میں دیکھ لیں، باقی صوبوں میں دیکھ لیں، آئی ٹی بورڈ ہے، وہ پرائیویٹ سیکٹر کو بھی ریگولیٹ کرتا ہے اور پبلک سیکٹر کو بھی ریگولیٹ کرتا ہے، ہمارے ہاں ابھی تک صرف وہ پرائیویٹ سیکٹر کو ریگولیٹ کرتا ہے، پرائیویٹ سیکٹر کے ساتھ وہ بزنس کرتا ہے، کمپنیز کو پروموٹ کرتا ہے، سپورٹ کرتا ہے، کوئی آئی ٹی کمپنیز اگر صوبے میں آنا چاہیں تو ان کو Space دیتا ہے، ان کو یوٹیلیٹیز میں سبسڈی ملتی ہے تاکہ Initially وہ Cost sharing ہو سکے تاکہ بزنسز ڈیویلپ ہوں اور وہ باہر سے بزنسز لائیں۔ابھی جو ہم چین گئے تھے جس میں آئی ٹی بورڈ کا

اور آئی ٹی ڈیپارٹمنٹ کا، میں ان کو خراج تحسین بھی پیش کرتا ہوں کہ جس طرح سیکرٹری آئی ٹی اور ایم ڈی آئی ٹی اور ان کی پوری ٹیم نے زبردست ایک کردار ادا کیا اور باقی ممبرز اس میں تھے جو انہوں نے خود ہی Observe کیا، بہت زیادہ پراجیکٹس ہم نے چائینیز کمپنیز کے ساتھ Sign کئے۔ ہمارا ٹیکنالوجی سٹی جو رشکئی میں ہے انڈسٹریل زون میں، ہم نے وہاں پہ ایک Area identify کیا ہے جو ٹیکنالوجی سٹی رشکئی کے نام سے ہے، وہاں پہ اسٹیبلشمنٹ آف، ایک تو آئی ٹی یونیورسٹی جو چین کی ایک یونیورسٹی ہے اس کے ساتھ ہم نے ایم او یو سائن کیا ہے اور ان شاء اللہ وہ آئیں گے۔ دوسرا جو ہم کر رہے ہیں کہ جی یہاں پہ مینوفیکچرنگ پلانٹس لگائے جائیں موبائل، لیپ ٹاپس کے تاکہ وہ ٹیکنالوجی سٹی میں آئیں گے کیونکہ یہاں پہ بہت زیادہ موبائل کی Usage ہوتی ہے اور لیپ ٹاپس کی Usage ہوتی ہے، Cameras کی Usage ہوتی ہے، تو چونکہ وہ چین کی ٹیکنالوجی ہے اگر وہ انڈسٹریلسٹس یہاں پہ آئے تو ان کے ساتھ ہماری ایم او یو سائن ہوا ہے اور تیسرا جو ہمارا ہے کہ سافٹ ویئر ڈیویلپمنٹ اور اس کا کہ جو وہاں پہ فرمز ان کو ہم جگہ دیں گے، Space دیں گے اور وہ باہر سے بزنسز آئیں گے یہاں پہ، پاکستان میں اور خیبر پختونخوا میں انویسٹ کریں گے۔ اس کے ساتھ ساتھ Digital Youth Summit اس صوبے میں اور سب سے پہلے پاکستان میں ہم نے سٹارٹ کیا 2014 میں، ابھی تک تین ہو چکے ہیں جس میں مختلف صوبے کے لوگ آتے ہیں، وہاں پہ ٹیکنالوجی کے حوالے سے ڈسکشنز ہوتی ہیں، ہماری یوتھ کو نالج ملتا ہے، Skill ملتا ہے، Connection ملتا ہے باقی کمپنیز کے ساتھ، ورلڈ بینک اس میں ہمیں ٹیکنکل سپورٹ دیتا ہے جس کا ہم شکریہ بھی ادا کرتے ہیں اور ایک بہترین پروگرام ہے Civic Hackathon ایک Concept ہے جس میں یہ یوتھ، ہمارے جو نوجوان ہیں، یہ سافٹ ویئرز یا Hubs بناتے ہیں ہمارے ڈیلی جو پرابلمز ہیں، اس میں دو تین اس طرح کے Hubs بنائے ہیں مسیحا کے نام سے اور ایک دو اور ہیں جو ترکی میں اور باقی دنیا میں ان نوجوانوں نے انعام بھی جیتے ہیں، کوئی سیکنڈ آیا ہے کوئی تھرڈ آیا ہے دنیا میں، ان کو بڑی پذیرائی ملی ہے اور وہ Establish ہو رہے ہیں۔ پچھلے سال ہم نے 2100 Freelancer کو Train کیا، Freelancer کا مطلب وہ نوجوان جن کے پاس کوئی Skill ہے کمپیوٹر میں، کمپیوٹر کی ٹیکنالوجی میں وہ اپنے گھر میں ہی بیٹھے ایک گھنٹہ، دو گھنٹہ، تین گھنٹے باقی دنیا کے ساتھ بزنس کر سکتے ہیں، پیسے کما سکتے ہیں۔ اس طرح کے لوگوں کی

Real stories ہیں کہ جن کے پاس پیسے پڑھائی کیلئے نہیں تھے اور 2100 بچے جو ہم نے Train کیے، اس میں انہوں نے پیسے بھی کمائے، اپنی فیملی کو بھی سپورٹ کیا، اپنی سٹڈیز کو بھی سپورٹ کر رہے ہیں اور ابھی آگے باقی لوگوں کو بھی Train کر رہے ہیں۔ وہ 2100 جو ہمارے Successful رہے، ابھی ہم نے یہ پلان بنایا ہے اور اب نیکسٹ مہینے سے سٹارٹ ہو جائے گا کہ ہم فیز وائز چالیس ہزار یوتھ کو Train کریں گے۔ اس میں Freelancing ہے، اس میں BPO ہے، اس میں مختلف اور Skills ہیں جس کی دنیا میں ضرورت ہے ان کمپنیز کو، تو بزنسز آئیں گے، یہاں پہ لوگ، کمپنیز بزنس لائیں گی، یوتھ ہماری سٹڈیز کے بعد ٹائم دے سکتی ہے، ان کے جو لیٹرز لکھنے ہوں، ان کو سافٹ ویئر بنانا ہو، ان کا اور کوئی پراسیس ہو، پاکستان میں بیٹھے وہ اپنا کام کر سکتے ہیں اور پیسے کمائیں گے۔ اس کے ساتھ ساتھ ایک دو اور پروگرامز ہم نے لانچ کئے ہیں جو آپ کے ساتھ شیئر کرنا ضروری ہیں، اس ہاؤس کے ساتھ۔ Eearly Age Programme جو ہے، یہ امریکہ میں ہوتا ہے، پاکستان میں کہیں پہ نہیں ہے، انڈیا میں نہیں ہے، باقی جگہوں میں نہیں ہے اور یہ پاکستان میں ہم نے خیبر پختونخوا میں، ہمارے سرکاری سکولوں میں ابھی نہیں ہے، ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے کمپیوٹر لیبز ہیں، اس میں ہم Train کر رہے ہیں اپنے بچوں کو اور وہ Skills، ان کو Early Age Programming کی ٹریننگ دے رہے ہیں جو صرف Developed Countries میں، امریکہ میں اور چند اور ممالک میں ہے اور کہیں پہ نہیں ہے۔ ہمارے بچے جب یہ بڑے ہوں گے ان شاءاللہ تو ان کے پاس وہ Skill ہو گا جو آج سے پہلے کبھی نہیں تھا۔ اس کے ساتھ Women Empowerment کا پروگرام ہے کہ ہم نے کوئی گیارہ سو خواتین کو Train کیا جس میں ایک ہزار چالیس خواتین سرٹیفکیٹس لے کے پاس آؤٹ ہو گئی ہیں، دوسرا بیچ ابھی Induct ہو گیا ہے اور ان دونوں پروگرامز کو ہم Scaleup کر رہے ہیں، پورے صوبے میں لے کے جا رہے ہیں جو کہ جتنے بھی یہ تیرہ سو آئی ٹی لیبز ہیں ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کی، تو میں اپنی بات کو شارٹ کر رہا ہوں، اس طرح بہت ساری اور چیزیں ہیں جو آئی ٹی بورڈ اور آئی ٹی ڈیپارٹمنٹ کر رہا ہے تو I hope یہ آپ کو Satisfy کرے گا ان شاءاللہ، سپیکر صاحب کہہ رہے ہیں کہ تھوڑا شارٹ کر لیں تو میں۔۔۔۔

<u>محترمہ آمنہ سردار:</u> سر! میں۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی جی، آمنہ سردار۔

محترمہ آمنہ سردار: سر! آپ نے بڑی ڈیٹیل میں بتایا، بہت شکریہ، دو بار آپ کا یہ Hack بھی ہو چکا ہے، دو بار Hack بھی ہو چکا ہے، اس کیلئے کیا سد باب کیا جا رہا ہے؟

جناب سپیکر: جی، شہرام خان۔

سینیئر وزیر (صحت): Recently دنیا میں بہت زیادہ بڑی بڑی کمپنیز، آئی ٹی میں Hackers ہوتے ہیں، وہ Hack کر لیتے ہیں، پوری بڑی بڑی کمپنیز کی ویب سائٹس Hack ہوئیں تو ان کو کروڑوں اربوں ڈالر کا نقصان ہوا ہے۔ جب ہمارا کوئی چند مہینے پہلے آئی ٹی بورڈ کا اس کا Hack ہوا تھا تو اس کو ہم نے Tackle کر لیا تھا، ہمارے پاس بہت تگڑے ماشاءاللہ لڑکے ہیں جو اس چیز کو Counter کرتے ہیں اور اس کو Safety provide کرنے کیلئے وہ دنیا میں چند ناموں میں سے ایک ہیں جو ہمارے ساتھ کام کر رہے ہیں اور ان شاء اللہ ان کا وہی Skill ہم ڈیویلپ کر رہے ہیں تاکہ اور نوجوانوں کو وہ Train کر سکیں۔ تو الحمد للہ ابھی کوئی مسئلہ نہیں ہے And that care has been taken، میں آخر میں ایک بات، اور بی بی نے بات کی کہ کسی اپنے کو تو سپورٹ نہیں کیا جی، آئی ٹی بورڈ میں، میں ایک چیز کہہ دوں کہ آئی ٹی بورڈ میں جتنی اپوائنٹمنٹس ہوئی ہیں، Hundred percent میرٹ پہ ہوئی ہیں، Credible MD کو ہم لے کے آئے ہیں، Credible team کو ہم لے کے آئے ہیں، اس کی ایچ آر کمیٹی ہے، اس میں ٹاپ پرائیویٹ سیکٹر اور پبلک سیکٹر کے لوگ بیٹھتے ہیں، وہ پورا پینل ایسا انٹرویو اور ایسی سکروٹنی کرتا ہے کہ جس طرح کارپوریٹ سیکٹر کی کمپنیز کا ہوتا ہے تو اس میں ایسی کوئی بات نہیں ہے اور سارے لوگ میرٹ پہ آئے ہیں اور زبردست کام کر رہے ہیں۔

جناب سپیکر: ماشاءاللہ شہرام خان! یہ تو ابھی ہمیں پتہ چلا آپ کی اس تقریر سے تو آپ کو چاہیئے تھا کہ اس کو کوئی پراپر ایڈورٹائزمنٹ یا کوئی پریس کانفرنس بھی کرتے، کچھ بتاتے بھی تو اچھی بات ہے کہ یہ موقع انہوں نے دیا اور آپ نے تھوڑا Explain بھی کیا۔ (مداخلت) جی جی، میں آتا ہوں جی ابھی تھوڑا، جی جی، آپ نے کٹ موشن، آپ نہیں تھے تو ہم نے اس کو وہ کیا۔

جناب عبدالستار خان: جناب! ابھی اگر کچھ ہو تو۔۔۔۔

جناب سپیکر: نہیں ابھی نہیں ہو سکتا، دیکھو ہم نے آگے بھی جانا ہے۔

جناب عبدالستار خان: ایک بات کرنی ہے۔

جناب سپیکر: جی پلیز Quick، بسم اللہ، آپ ابھی بات کر چکے ہوتے، بسم اللہ، آپ ابھی بات کر چکے ہوتے۔ بسم اللہ جی، Quick please۔

جناب عبدالستار خان: سر! یہ شہرام خان نے آئی ٹی کے شعبے کے بارے میں بڑی تفصیل میں ہمیں بریف بھی کیا لیکن تھوڑا افسوس مجھے اس بات کا ہے کہ ہمارے صوبے میں یوتھ کیلئے اور خاصکر سٹوڈنٹس کیلئے اس شعبے میں ان چار سالوں میں اے ڈی پی بک میں مجھے کوئی پروگرام نہیں ملا ہے۔ جناب سپیکر! سٹوڈنٹس کو، یوتھ کو تمام صوبائی حکومتوں نے اپنے پروگرام میں لیپ ٹاپ سکیم رکھی ہے، فیڈرل گورنمنٹ نے لیپ ٹاپ سکیم کا ایک پروگرام رکھی ہے جس میں ہماری یونیورسٹیز کے سٹوڈنٹس مستفید ہو رہے ہیں۔ گزشتہ حکومت نے اے این پی کے دور میں بھی پچاس ہزار کی ایک لیپ ٹاپ سکیم سٹوڈنٹس کیلئے اس صوبے کیلئے رکھی تھی، انہوں نے چار سال میں یوتھ کیلئے اور اس میں کیا پروگرام رکھا ہے؟ یہ میرا سوال ہے۔

جناب سپیکر: او کے جی، شہرام خان! پلیز۔

سینئر وزیر (صحت): میرے خیال سے ایم پی اے صاحب کی توجہ میری طرف نہیں تھی یا میں سمجھا نہیں سکا، Digital Youth Summit، یہ یوتھ کیلئے تھا اور ہے، تین دفعہ ہر سال یہ کرتے ہیں، میگا ایونٹ ہے جس میں ساری یوتھ کو ہم Internationally connect کرتے ہیں انویسٹرز کے ساتھ، کمپنیز کے ساتھ، Freelancer کے ساتھ، ٹیکنالوجی لوگوں کے ساتھ اور ان کو Job creations اور نالج ملتا ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ "درشل" کے نام سے ایک پروگرام ہم سٹارٹ کر رہے ہیں جو کہ سوات میں ہے کہ ساری یوتھ جو ہے وہ جائیں گے، Seven Divisional Headquarters وہاں پہ Co-working space ہو گی، وہاں پہ اپنا کام کر سکیں گے، کمپنیز کے ساتھ Connect ہو سکیں گے، یہ یوتھ کیلئے ہے۔ 2100 بندے جو سٹوڈنٹس ہم نے Train کئے، 2100 Freelancing کا وہ سارے یوتھ تھے، چالیس ہزار اور جو Train کر رہے ہیں یہ ساری یوتھ ہے، Hundred یونیورسٹیز، کالجز میں فری وائی

فائی کاConceptکاپراجیکٹ ہم نے Introduce کروایا ہے، ساری یوتھ کا ہے اور دس اور چیزیں ہیں اگر بتادوں۔

جناب سپیکر: جی محمد علی!

جناب محمد علی: شکریہ جناب سپیکر! یہاں پہ اگر ہم کوئی چیز لے کے آتے ہیں تو اس کا ہر گز یہ مطلب نہیں کہ ہم ہمیشہ تنقید ہی کرتے ہیں۔ ہم نے صرف انفارمیشن کیلئے یہ سب کچھ کیا تھا۔ ابھی جو پریزنٹیشن منسٹر صاحب نے دی ہے، حقیقت میں ہمیں اس کا پتہ نہیں تھا، میں Appreciate کرتا ہوں، اس کو بھی مبارکباد دیتا ہوں اور آئی ٹی ڈیپارٹمنٹ کی پوری ٹیم کو بھی مبارکباد دیتا ہوں اتنی Achievementپہ۔

جناب سپیکر: جعفر شاہ صاحب!

Mr. Jafar Shah: Withdraw, Sir.

جناب سپیکر: Withdrawn۔ ثوبیہ شاہد! Withdraw کرتی ہیں؟

محترمہ ثوبیہ شاہد: نہیں سر! Withdraw نہیں کر رہی، ایک بات کرنی ہے، سر! جو Official Website تھی، وہ Hackہو چکی تھی۔

جناب سپیکر: وہ تو کونسچن آگیا، وہ تو اس نے بتایا آمنہ۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: ٹھیک ہے، Withdraw کرتی ہوں۔

جناب سپیکر: Withdraw کرتی ہیں،، Aamna Sardar withdrawn، کون رہ گیا جی؟

Since all the honourable Members have withdrawn their cut motions on Demand No. 5, therefore, the question before the House is that Demand No. 5 may be granted? Those who are in favour of it may say ‘Yes’ and those who are against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The ‘Ayes’ have it. Demand is granted. Demand No. 6, honourable Minister for Revenue, Ali Amin Gandapur!

بڑے عرصے بعد، ماشاءاللہ۔

جناب علی امین گنڈاپور (وزیر مالیات): بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ ایک ارب 14 کروڑ 53 لاکھ 92 ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دے دی جائے جو کہ 30 جون 2018۔۔۔۔

جناب سپیکر: آپ کی آواز نہیں آ رہی ہے صاحب! آپ تھوڑا۔

وزیر مالیات: جو کہ 30 جون 2018 کو ختم ہونے والے سال کے دوران محکمہ مال گزاری اور املاک کے سلسلے میں برداشت کرنا ہونگے۔ سر! یہ مائیک بہت نیچے ہے سر! مائیک بہت نیچے ہے، میری Height زیادہ ہے تو مجھے یوں ہونا پڑتا ہے اسلئے سپیشل مائیک لگایا جائے۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے۔ The motion before the House is that a sum not exceeding rupees 01 billion, 14 crore, 53 lac, 92 thousand only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2018, in respect of Revenue & Estate.

Cut motions on Demand No. 6. Muhammad Ali!

جناب محمد علی: شکریہ جناب سپیکر، میں ایک لاکھ روپے کی کٹ موشن پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees one lac only. Muhammad Sheeraz Khan! Withdrawn?

جناب محمد شیراز: No، میں چھ کروڑ کی کٹ موشن پیش کرتا ہوں۔

جناب سپیکر: اوکے، اوکے۔

جناب محمد شیراز: بڑی بے قاعدگیاں ہیں اس میں جی۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees six crore only. Mr. Sardar Hussain Sahib!

جناب سردار حسین چترال: میں ایک ہزار کی کٹ موشن پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees one thousand only. Malik Noor Salim!

Mr. Noor Saleem Malik: I beg to move a cut of rupees two thousand.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees two thousand only. Mr. Salim Khan!

جناب سلیم خان: جناب سپیکر! میں پندرہ ہزار روپے کی کٹ موشن پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees fifteen thousand only. Mr. Saleh Muhammad Khan!

جناب صالح محمد: میں پانچ لاکھ روپے کی کٹ موشن پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees five lac only. Mr. Izaz-ul-Mulk Afkari!

جناب اعزازالملک: Withdrawn کرتا ہوں۔

جناب سپیکر: Withdrawn۔ مسٹر فخر اعظم وزیر، نہیں ہے، مسٹر شاہ حسین خان، سید جعفر شاہ صاحب، مسٹر قربان علی خان۔

جناب قربان علی خان: Withdraw کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: Withdrawn. Mufti Said Janan.

مفتی سید جانان: Withdraw یم جی۔

Mr. Speaker: Withdrawn. Sardar Zahoor, lapsed. Mr. Mehmood Ahmad Khan Bettani. Sardar Hussain Babak. Madam Sobia Shahid.

محترمہ ثوبیہ شاہد: نوہزار نوسوننانوے روپے کی کٹ موشن پیش کرتی ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees nine thousand, nine hundred, ninety nine only. Mr. Abdulsattar Khan.

Mr. Abdulsattar Khan: Sir, I beg to move a cut of one billion rupees on Demand No. 6.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees one billion only. Raja Faisal Zaman Sahib.

راجہ فیصل زمان: میں سوروپے کی کٹوتی پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees one hundred only. Sardar Aurangzeb Nalotha. Madam Ruqia Hina.

محترمہ رقیہ حنا: میں Withdraw کرتی ہوں، جناب سپیکر۔

Mr. Speaker: Withdrawn. Madam Aamna Sardar.

محترمہ آمنہ سردار: میں پچیس ہزار روپے کی کٹوتی کی تحریک پیش کرتی ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees twenty five thousand only. Mian Zia-ur-Rehman.

میاں ضیاءالرحمان: جناب سپیکر صاحب! ایک ہزار روپے کی کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees one thousand only. Sahibzada Sanaullah.

صاحبزادہ ثناءاللہ: پچیس روپے کی کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees twenty five only. Mr. Muhammad Rashad.

جناب محمد رشاد خان: جناب سپیکر! ایک ہزار روپے کی کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees one thousand only. Mr. Muhammad Ali.

جناب محمد علی: شکریہ جناب سپیکر، جس طرح بھائی شہرام ترکئی صاحب سے ہم نے یہ ریکویسٹ کی تھی کہ آپ کا ڈیپارٹمنٹ ابھی تک کیا کر رہا ہے، انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ، اسی طرح ہماری ریونیو ڈیپارٹمنٹ سے بھی، علی امین گنڈاپور صاحب چونکہ ہم شروع دن سے ہی، چیف منسٹر صاحب کی نو دس سپیچز مجھے یاد ہیں کہ سی ایم صاحب یہ کہہ رہے تھے کہ اس ڈیپارٹمنٹ میں بہت بڑا گند ہے، پٹواری نظام میں، تحصیلدار کے نظام میں اور خاصکر یہ جو ہمارا لینڈ ریکارڈ ہے، لینڈ ریکارڈ ہم کمپیوٹرائزڈ کر رہے ہیں پورے صوبے میں، تو میری گزارش منسٹر صاحب سے یہ ہے کہ چار سالوں میں پٹواری سسٹم میں کیا اصلاحات آئی ہیں اور خاصکر یہ جو لینڈ ریکارڈ کمپیوٹرائزڈ کر رہے ہیں، اس شعبے میں کتنا کام ہوا ہے، اس کی ذرا وضاحت کی جائے۔

جناب سپیکر: شیراز خان۔

جناب محمد شیراز: شکریہ جناب سپیکر صاحب! میری وزیر مال صاحب سے یہ ریکویسٹ ہے کہ جس طرح محمد علی صاحب نے فرمایا کہ ان چار سال میں انہوں نے کیا بہتری لائی ہے؟ جس طرح آج سے چار سال پہلے محکمہ مال بدنام تھا، کم از کم پانچ سو، ہزار یا دو ہزار روپے پہ تو کام ہو جاتا تھا، موجودہ دور میں تو وہ جو پانچ سو، ہزار کا کام تھا وہ اب اس کا ریٹ بڑھ گیا ہے، اس قسم کے جو بھی غلط لوگ ہیں جو کاغذات میں ہیر پھیر کرتے ہیں، ان لوگوں کو، پیسوں پہ پوسٹیں بکتی ہیں، میں نے بذات خود اپنے حلقے میں اپنی تحصیل میں اس طرح کے کچھ پٹواری تھے جو غلط کام کر رہے تھے، میں نے خود کمپلینٹ کی کہ ان لوگوں کو کم از کم میری تحصیل میں ان کو نہ لگایا جائے۔ کوئی بھی لگائیں لیکن یہ بدنام ہیں، انہوں نے کافی غلط کام کئے ہیں۔ اس کے باوجود بیس لاکھ

روپے لیکر اس آدمی کو اسی میرے گاؤں میں اس کو لگا یا گیا۔ (شیم شیم کی آوازیں) پٹواری بیس لاکھ پہ، جس وقت میں نے کمپلینٹ کی تو مجھے یہ کہا گیا کہ آپ خود سمجھدار ہیں کہ حکومت کے آگے ہم کیا کر سکتے ہیں۔

جناب سپیکر: اوکے۔ شکریہ۔ نیکسٹ سردار حسین صاحب۔

جناب سردار حسین چترالی: جناب سپیکر! یہ ریونیو اور اسٹیٹ جو ہے انہوں نے جتنے پیسے مانگے ہیں، ایک تو گزارش یہ ہے کہ انہوں نے اتنے کمائے نہیں ہیں جتنا اس پر خرچ ہو رہا ہے۔ دوسری بات اس میں یہ کہ Land settlement ان کی پوزیشن یہ ہے کہ چترال میں Land settlement ہو رہی ہے اور اٹھارہ سال سے Continue ہے، اٹھارہ سال تک ایک ادارہ ایک ضلع کو Land settlement نہیں دے سکا تو اس کی کیا پوزیشن بنتی ہے؟ جس کی وجہ سے وہاں پہ ایک یونیورسٹی بن رہی تھی چترال یونیورسٹی جسے عمران خان نے بھی اعلان کیا اور سی ایم صاحب نے بھی، فیڈرل گورنمنٹ کی طرف سے بھی تھا، ہم نے Propose کیا کہ وہاں چودہ ہزار ایکڑ اراضی سٹیٹ لینڈ پڑی ہے، فائل ادھر آئی اور دو تین سال تک انہوں نے رکھی اور پھر انہوں کہا کہ بھئی ابھی اس میں Settlement نہیں ہوئی، ابھی کم از کم اس یونیورسٹی کے کیمپس کیلئے ایک ارب روپے چاہیئے، ایک ارب روپے کا ڈیمانڈ ہوا ہے، جس ڈیپارٹمنٹ کی وجہ سے ایک ارب روپے کا نقصان ہو رہا ہے حالانکہ چار سو ایکڑ اراضی فری میں مل رہی تھی، وجہ اس کی یہ ہے کہ اٹھارہ سال تک Land settlement یہ نہیں کر سکے۔ دوسرا، ان کی وجہ سے دوسرا مسئلہ یہ ہے کہ دو طریقے ہوتے ہیں زمین لینے کے، ایک تو Compulsory acquisition ہے، دوسرا ہے Negotiation، انہوں نے Negotiation کو مکمل طور پر بند کیا ہوا ہے، Negotiation کو انہوں نے مکمل طور پر بند کیا ہوا ہے۔ اب فائل اسسٹنٹ تحصیلدار کے دفتر میں ایک مہینہ، اے سی کے دفتر میں ایک مہینہ، ڈپٹی کمشنر کے دفتر میں دو مہینے، تین مہینے یہ کمشنر کے دفتر میں رہتی ہے تو کسی بھی سکول کو بنانے، روڈ کو بنانے کیلئے یہی ٹائم ہوتا ہے، جون کے بعد یہ جنوری تک یہ ان کی Settlement کیلئے پیسے دیئے جا چکے ہیں۔ چترال میں محترم شہرام صاحب کی طرف سے ہمیں وہ ملا تھا دروش ہسپتال اور بونی ہسپتال، دروش ہسپتال کے پیسے ملے یہاں سے ڈی سی کو، ڈی سی نے ایک مشورہ مانگا کہ کس طرح یہ پیسہ دوں، چھ مہینے تک انہوں نے لیٹر ادھر

رکھا، سمجھ میں یہ نہیں آتا۔ دوسرا یہ سر! کہ یہ ان کا جو سسٹم ہے، دنیا ترقی کر گئی ہے اور یہ وہ کھتونی، خسرہ نمبر، کھتونی نمبر، میرے خیال میں نہ یہ اردو کے الفاظ ہیں نہ یہ انگریزی کے ہیں، یہ کسی کے نہیں ہیں، یہ کوئی کمپیوٹرائزڈ سسٹم میں لانے میں کتنے پیسے ان کو بار بار ملتے رہے، اسی گورنمنٹ نے بھی دیئے لیکن اس میں یہ مکمل طور پہ ناکام ہو چکے ہیں۔ اسلئے میری گزارش یہ ہے کہ جناب کنسرنڈ منسٹر اس کا نظام یہ درست کریں اور تیسرا، جہاں پر Settlement ہوتی ہے سر! Continue settlement جس ایریا میں ہوتی ہے، آج ایک بھائی کے نام پہ لکھواتے ہیں وہ خوش کرتا ہے، دو دن کے بعد کمپلینٹ کر کے دوسرا بھائی خوش کرنے کیلئے آجاتا ہے تو اس کے نام پہ کرتے ہیں۔

<u>جناب سپیکر</u>: شکریہ، شکریہ۔ ملک نور سلیم۔

<u>جناب نور سلیم ملک</u>: شکریہ جناب سپیکر! تبدیلی سرکار کے دلفریب نعروں کی طرح اس ڈیپارٹمنٹ میں بھی بہت سارے نعرے لگائے گئے، نئے پٹوار خانے، سروس ڈیلیوری سنٹرز، آٹومیشن آف سسٹم، بہت ساری باتیں کی گئیں لیکن بدقسمتی سے ہم نے پچھلے چار سالوں میں وہ تبدیلی نہیں دیکھی جس کے دعوے کئے گئے۔ تو میرا تو خیال ہے کہ اس محکمے کی ضرورت ہی نہیں ہے، حکومت میں کوئی ضرورت ہی نہیں ہے کہ ریونیو کا محکمہ ہو، جب وہ ڈیلیور نہیں کر سکتا تو پھر اس کو رہنے کی بھی ضرورت نہیں ہے، تو میری منسٹر صاحب سے یہ گزارش ہوگی کہ محکمے نے جتنے بھی وعدے کئے گئے پٹوار خانوں کے سلسلے میں، سروس ڈیلیوری سنٹرز میں، سسٹم آٹومیشن پہ، تو ان پہ کام کیوں نہ ہو سکا اور حکومت کی جو یہ ترجیح، ترجیح میں شامل تھا اس پہ کام کیوں نہ ہو سکا؟ شکریہ۔

<u>جناب سپیکر</u>: سلیم خان۔

<u>جناب سلیم خان</u>: شکریہ جناب سپیکر صاحب! یہ ریونیو اسٹیٹ ڈیپارٹمنٹ سے چند گزارشات ہیں۔ جس طرح میرے محترم ممبر سردار حسین صاحب نے کہا کہ ضلع چترال میں تقریباً اٹھارہ سالوں سے Settlement کا کام وہ جاری ہے اور تقریباً Completion کے آخری مرحلے میں ہے تو سر! یہ کہ یہ Settlement کے کام ہیں، جتنے بھی ایمپلائز ہیں تقریباً کوئی دو ڈھائی سو، کیا یہ Settlement جب کمپلیٹ ہوگی تو ان ایمپلائز کو رکھیں گے یا ان کو فارغ کریں گے؟ کیونکہ یہ لوگ کام بہت بہترین طریقے سے

کر چکے ہیں اور ابھی ان کا تجربہ بھی ہے تو میری منسٹر صاحب سے گزارش یہی ہے کہ بہتر یہی ہو گا کہ ان کو ریونیو سائیڈ پہ لیکر ان کو اگر ایڈ جسٹ کریں تو یہ ڈیپارٹمنٹ کیلئے بھی بہتر ہو گا اور سارا کام وہ جانتے ہیں تو یہ میری گزارش ہے جناب سپیکر! تھینک یو سر۔

جناب سپیکر: صالح محمد صاحب۔

جناب صالح محمد خان: جناب سپیکر! آج سے چار سال پہلے Election campaign میں پٹواری کلچر کے خاتمے کیلئے بڑے نعرے اور بڑے دعوے کئے جا رہے تھے اور عمران قائد تحریک انصاف نے زیادہ ہر تقریر میں یہ بات کہ جی پٹواری کلچر کا خاتمہ کریں گے اور اس طبقے سے عوام بہت تنگ آ چکے ہیں اور لوگ بڑے پر امید تھے لیکن افسوس کی بات ہے کہ آج تک منشی کلچر اور پٹواری کلچر کا خاتمہ نہ ہو سکا، جو پوزیشن چار سال پہلے تھی آج بھی اسی پوزیشن پہ ہے۔ پھر منسٹر صاحب سے میں پوچھنا چاہ رہا ہوں کہ چار سال پہلے وزیر اعلیٰ صاحب نے بھی کہا تھا کہ صوبے کا تمام ریکارڈ کمپیوٹرائزڈ کیا جائے گا، چترال میں بھی کروڑوں روپے لگ گئے ہیں، باقی کچھ اضلاع میں بھی جو بندوبست کے حوالے سے میں بات کر رہا ہوں، نہ وہ بندوبست ہو رہا ہے اور نہ وہ ریکارڈ کمپیوٹرائزڈ ہو رہا ہے، آخر چار سال ہمارے گزر گئے ہیں تو ایک سال آخری سال یا چھ سات مہینے رہ رہے ہیں، اگر چار سال میں نہ ہو سکا تو پچانوے پرسنٹ کام چھ مہینے میں کیسے ہو گا؟ اس کے ساتھ جناب سپیکر! سکی کناری ڈیم اور سی پیک پراجیکٹ پر وہاں لوگوں کو بڑی مشکلات کا سامنا ہے، ایک وہاں پر ریٹ نہیں مل رہے ہیں، مارکیٹ کے مطابق ریٹ وہاں پہ نہیں مل رہے اور وہاں پہ زبردستی قبضے بھی لے رہے ہیں اور وہاں پہ انتقال کا بڑا مسئلہ بنا ہوا ہے، وہاں پہ لوگوں کو بڑی پریشانی ہے، تو میری منسٹر صاحب سے یہی گزارش ہے کہ ایک تو اس پٹواری کلچر کے خاتمے کیلئے خصوصی طور پہ اقدامات اٹھائیں اور ایک منسٹر صاحب یہ جواب دیں کہ چار سالوں میں منسٹر صاحب آپ نے کیا کیا ہے؟ چار سالوں میں آپ نے اس میں پٹواری کلچر کے خاتمے کیلئے کیا اقدامات اٹھائے اور چار سالوں میں آپ نے کتنا بندوبست کیا ہے اور چار سالوں میں آپ نے کتنا ریکارڈ کمپیوٹرائزڈ کیا ہے؟ تھینک یو۔

جناب سپیکر: سید جعفر شاہ صاحب۔

جناب جعفر شاہ: تھینک یو سپیکر صاحب! تو تھری ایشوز ہیں، اس پہ میں بات کروں گا۔ ایک تو یہ کہ ریونیو ڈیپارٹمنٹ کا ایک، منسٹر! ذرا اٹینشن پلیز، توجہ نشتہ جی۔

جناب سپیکر: جی، پلیز، آرڈر پلیز۔

جناب جعفر شاہ: منسٹر صاحب ذرا توجہ دے دیں، پلیز، لینڈ ایکوزیشن۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: زر گل خان صاحب! آپ بیٹھ جائیں اپنی سیٹ پر، مہربانی ہو گی، تھینک یو جی۔ قہقہہ آپ ادھر آ جائیں، ادھر آ جائیں، ادھر ویسی کرسی پر جی، یہ تو ہمارے پینل آف چیئر مین بھی ہیں نا؟

جناب جعفر شاہ: سپیکر صاحب! بڑی Disturbance ہے ہاؤس میں، یہ زر گل خان نے بڑا مسئلہ بنایا ہوا ہے۔ جناب سپیکر صاحب! اس طرح ہے کہ مختلف سرکاری عمارات کیلئے جس میں سکولز اور ہاسپٹلز شامل ہیں، اس کیلئے زمین کے حصول کا مسئلہ بہت گھمبیر ہے اور ان کے ریٹس اتنے ہیں کہ وہاں پہ مقامی لوگ تیار نہیں ہوتے اور یہ مسئلہ ابھی کافی عرصہ ہوا کہ یہ حل نہیں ہو سکا، اس سے کافی لوگ متاثر ہو رہے ہیں، سکول نہیں بن سکا، ہاسپٹلز نہیں بن سکے اور میں مثال دے رہا ہوں جی کہ صرف ہیلتھ اور ایجوکیشن میں نہیں ہے، ابھی انرجی اینڈ پاور میں، ابھی مٹلتان پراجیکٹ شروع ہے اور وہاں پہ بہت بڑا مسئلہ بنا ہوا ہے کیونکہ یہ ریٹ ان لوگوں کو بہت کم دے رہے ہیں تو ایک تو اس مسئلے کیلئے ان کو ابھی Steps لینے ہیں۔ دوسری بات جی Land disputs کے حوالے سے ہے، فارسٹ ڈیپارٹمنٹ یہ سوات، ملاکنڈ ڈویژن اور ہزارہ میں بہت ہے۔ فارسٹ ڈیپارٹمنٹ اور مقامی لوگوں۔۔۔۔۔

(شور)

جناب سپیکر: آرڈر پلیز، آپ مہربانی کریں جی، یہ اسمبلی میں موبائل استعمال نہ کریں۔۔۔۔۔

(شور)

جناب سپیکر: ارباب صاحب! آپ بیٹھ جائیں پلیز، آپ بیٹھ جائیں، آپ بیٹھ جائیں ارباب صاحب۔

(شور)

جناب سپیکر: ارباب صاحب! ارباب جہانداد!۔۔۔۔۔

(شور)

جناب سپیکر: جی جی۔

جناب جعفر شاہ: قہقہہ ارباب دے نو خہ اوکړو۔

جناب سپیکر: یہ آپ مہربانی کریں، میں آپ ساروں سے التماس کرتا ہوں۔ یہ بجٹ اجلاس ہے، اسمبلی کا بنیادی کام بجٹ پاس کرنا ہے، آپ مہربانی کریں اس میں دلچسپی لیں، باقاعدہ اس کو پڑھ بھی لیں اور جو بات کریں اس کو سن لیں۔ اگر اپوزیشن کے ہوں یا حکومتی ارکان ہوں، مہربانی ہوگی آپ تھوڑا ہاؤس کو آرڈر میں رکھیں۔ جی جی، خٹک صاحب! چیف منسٹر صاحب!

جناب پرویز خٹک (وزیر اعلیٰ): جناب سپیکر صاحب! آپ کے پاس اختیار ہے، اگر کوئی سپیکر کا آرڈر نہیں مانتا، میرا خیال ہے ایک دو کو باہر نکال دیں، مسئلہ ختم ہو جائے گا، آئندہ کوئی نہیں کرے گا۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: جعفر شاہ صاحب! پلیز۔

جناب جعفر شاہ: سپیکر صاحب! داسې ده چې دا لینډ ایکوزیشن والا ډیر Important issue ده، گھمبیر ایشو ده۔ اوس په متلتان کښې لگیا ده جھگړه شروع ده۔ په سی پیک کښې په هزاره کښې جھگړه شروع ده۔ خلق خپلو زمکو ته په دغه سرکاری ریټ باندې زمکو ورکولو ته تیار نه دی نو زما به دا ریکویسټ وی چې د دې د پاره Immediate فوری اقدامات اوشی۔ دویمه خبره جی ما دا کوله د فارسټ ډیپارټمنټ او د خلقو، زما په یوه حلقه کښې د دوه زرو نه سیوا Disputes هغه په عدالتونو کښې د تیرو څلورو پینځوؤ کالو نه هغه لگیا دی او هغه حل کیږی نه، نو چې دغه مسئله کښې دوئ لږ غوندې Initiative واخلی۔ د هغې د پاره کمیشن جوړ کړی، لینډ کمیشن جوړ کړی چې هغه Disputes resolve کړی او د هغوی هغه مسئله حل شی۔ بل جی د کمپیوټرائزیشن خبره اوشوه۔ د پټوار خانو مسئله جی، څلورم کال دے جی زما په حلقه کښې د اے ډی پی یوه پټوار خانه منظوره شوې ده، 73 لاکھ روپئ د هغې Estimate دے او تر اوسه پورې پرې کار شروع نشو نو جی دا به کله کیږی؟

جناب سپیکر: بیٹنی صاحب۔

جناب محمود احمد خان: مهربانی سپیکر صاحب! د منسټر صاحب توجه به غواړو سپیکر صاحب! چې په ټانک کښې دوه سروس ډیلیوری سنټرز دی، مونږ د دوئ نه دا معلومات کوؤ چې دا به کله چالو کیږی او ورسره ورسره پټوارخانې سپیکر صاحب! درې خو تقریباً په آخری مراحلو کښې دی نورې پټوارخانې ټانک ته ورکړی دی خو هغه اے ډی پی کښې خالی One thousand rupees allocation ورته شوے دے۔ که مسنټر صاحب دا مونږ ته وضاحت اوکړی چې آیا دا به جوړیږی یا دا به Delete کیږی، دا کوم چې دا نوے اوس دا اتهه پټوارخانې رادرومی۔ ورسره ورسره سپیکر صاحب! که دا هم وضاحت اوکړی چې دا کوم په لینډ ریکارډ کښې دا کمپیوټر آپریټرز دی په دیکښې لږ Misunderstanding ډیر زیات دے پکښې 12 سکیل او 16 سکیل، په دیکښې Already یو انکوائری هم روانه ده، هغه هم وضاحت د ورسره ورسره اوکړی سپیکر صاحب! منسټر صاحب چې د دې به څه پوزیشن وی؟ ورسره ریکویسټ دا دے سپیکر صاحب! چې دا کوم پټواری دا فرد والا سسټم دے یا چې دا دوئ وائی چې مونږ کمپیوټرائزډ کوؤ۔ زمونږ حلقه کښې ئې دوه جوړ کړی دی چې آیا دا به آخری فنکشن به کله کیږی چې دا خلقو ته به کمپیوټرائزډ سسټم کله Available کیږی؟

جناب سپیکر: شکریه جی۔ ثوبیه شاهد۔

محترمه ثوبیه شاهد: تهینک یو جناب سپیکر۔ جناب سپیکر صاحب! زه تپوس کوم چې پټواری، پټوار سسټم چې کوم وو، دوئ وائی چې دا به کمپیوټرائزډ شی په 90 Days کښې به اوشی او د پټوار کلچر به خاتمه اوشی خو تر اوسه پورې پټواری کلچر ختم نشو او نه زمونږ صوبه کښې کمپیوټرائزډ شو Even چې په دیر کښې خو هغه انتقالونه هم نشته هلته خو سټامپ پیپرز چلیږی۔ د حکومت ټائم ختم شو دا پینځم بجټ هم زمونږ پاس شو خو تر اوسه پورې په پټوار باندې کومه چې یو نعره وه، یو هغه وو، په هغې باندې هیڅ عمل اونشو او نور هم صرف دا اوشو چې د خرید و فروخت کمے اوشو۔ ریونیو نوره لاندې شوه او خلقو په هغې باندې سټاپ اوکړو او چې څوک ئې کوی نو هغه پټواریان په نور هائی لیول باندې لګیا دی۔ نو جناب سپیکر صاحب! دا زمونږ د صوبې د ټولو نه، د دې ګورنمنټ ناکامی ده او بله خبره چې په هغه سټینډنګ کمیټۍ ریونیو کښې زه ووم نو په

ملاکنډ کښې يو واقعه شوې ده چې پټواريانو هغه خلقو له پانچ او دس هزار روپئ ورکړې دی او د ريونيو هغه کوم کسان چې دی، هغوی پچاس پچاس لاکھ روپئ خپل ځان ته اچولی دی۔ هغوی په چيک باندې پيسې نه دی ورکړی بلکه کيش ئې خلقو له ورکړی دی۔

جناب سپیکر: شکریہ۔ستار صاحب۔

جناب عبدالستار خان: سر! تھینک یو مہربانی، سر! اس میں اس ڈیمانڈ پر میں نے جو کٹ موشن لائی ہے یقیناً اس میں بڑاGenuineایک مسئلہ میرے حلقے کے لوگوں کو درپیش ہے۔جناب سپیکر! یہ داسو ڈیم اور بھاشا ڈیم میں تقریباً95ہزار کنال زمین واپڈا لے رہا ہے، ورلڈ بینک، فیڈرل گورنمنٹ اور واپڈا لے رہا ہے ہم سے اور آٹھ کلو میٹر ایریا بھاشا ڈیم میں کوہستان کا آتا ہے جو ہماری باؤنڈری پہ ہے خیبر پختونخوا کی،اس میں میں جناب سی ایم صاحب کی توجہ چاہوں گا کہ یہ مسئلہ وہاں پہ جو لینڈ ایکوزیشن ایکٹ کے مطابق زمین کو Acquire کرکے دینا واپڈا کو یا فیڈرل گورنمنٹ کو یا کسی بھیOrganکو ہماری صوبائی حکومت اور صوبائی محکمہ کی ذمہ داری ہے جس میںMain characterجناب سپیکر! ڈی سی کا ہوتا ہے، کلیکٹر ہیں وہ، پھر Price fixationکرنا ان کا کام ہے۔چار سال سے ہمارے مذاکرات رہے فیڈرل گورنمنٹ کے ساتھ، میں مدعی ہوں ہمارے صوبے کی طرف سے،اس میں پرائس فکسیشن میں جوWholly solely role ہے،وہ ڈی سی کا اور ریونیو ڈیپارٹمنٹ کا ہے۔انہوں نے ہماری زمین کی قیمتیں جو طے کی ہیں جناب سپیکر! وہ مارکیٹ ریٹ سے کسی اصول کے تحت نہیں کیں۔میں آپ کو تھوڑا سا اس ہاؤس کو، منسٹر صاحب کو، میں چاہوں گا کہ اس میں ایک خاکہ دوں۔ایک ہی قسم زمین میں 95ہزار کنال زمین کی قیمت جو لگائی انہوں نے،ایک لاکھ اٹھارہ ہزار جس میں سے جناب سپیکر! صرف ایک قسم زمین میں میرے حلقے کے لوگوں کو داسو ڈیم میں 23ارب روپے کا نقصان ہوا ہے۔اسی طرح سکی کناری میں مانسہرہ کے ممبران بھی یہاں بیٹھے ہیں،وہاں پہ ان کو یہ مسئلہ پیش آرہا ہے،عوام اٹھے ہیں وہاں پہ اور ہمارے اکنامک کاریڈور میں سی پیک کے اس میں جو روٹ بنتا ہے ہمارے حویلیاں سے لیکر تھاکوٹ تک، وہاں پہ بٹگرام کے لوگ اٹھے ہیں، ان قیمتوں کو ہمارے ریجن کے لوگ نہیں مانتے،وہ مارکیٹ ریٹ سے بہت زیادہ کم ہیں،اسی وجہ سے ہماری خیبر پختونخوا کی زمین ہم سے لیکر مالکان زمین سے لیکر یہ مفت میں واپڈا کو یا ورلڈ بینک والوں کو دے رہے ہیں،

اس وجہ سے میں نے جان بوجھ کر، مطلب یہ ایک ارب روپے کی کٹ موشن لایا ہوں اور اگر میرے حلقے کے لوگوں کی، خیبر پختونخوا کے لوگوں کی زمین کی قیمت 27 ارب روپے میرا محکمہ اگر ایک علاقے کے لوگوں کو نقصان دے گا تو میں ان کو مطلب چار ارب روپے دینے کی مطلب بحیثیت رکن اسمبلی اس کیلئے اجازت نہیں دے سکتا۔

جناب سپیکر: بہت اچھا، بہت اچھا، ٹھیک ہے جی، میرے خیال میں یہ جو ایشو ہے آپ پھر اس کو ایڈریس کر لیں اور یہ سیریس ایشو ہے، یہ مانسہرہ میں بھی ہے، سکی کناری کا بھی ہے اور ادھر بھی ہے یہ۔ نیکسٹ پلیز، راجہ فیصل زمان صاحب!

راجہ فیصل زمان: بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ سر! میں سب سے پہلے اپنے آنریبل منسٹر صاحب کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ وہ نظر آئے ہمیں کیونکہ بڑے عرصے سے، (تالیاں) میری خواہش تھی اور نظر آ گئے، دوسرا یہ ہے سر! کہ آپ خود دیکھیں کہ سب سے Important یہ چیئر ہے، اس چیئر کو بھی نہیں پتہ کہ کس کس ڈیپارٹمنٹ میں کیا کیا ڈیویلپمنٹ ہو رہی ہے؟ ہمیں کوئی کاپی نہ دیں کم از کم آپ کے آفس کو کاپی آنی چاہیئے کہ ہم کونسا اچھا کام کر رہے ہیں؟ کل آپ کے نوٹس میں بھی ہو کہ شاید آپ بھی ان کی مدد کر سکیں، میں اپنے بھائی سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ پچھلے سال انہوں نے ٹارگٹس رکھے تھے 49 ارب کے، پھر انہوں نے Revise کر کے 32 ارب رکھ دیئے، پھر بھی وہ یہ 29 ارب تک پہنچے وہ بھی Achieve نہ کر سکے، شارٹ فال بیس ارب کا ہے، یہ شارٹ فال کی وجہ سپیکر صاحب! میں نے آپ کو پچھلی دفعہ بتایا تھا کہ انتقالات لوگ نہیں کرا رہے آپ کی فیسز کی وجہ سے، وہ اب آپ نے پھر بڑھا دی ہیں تو وہ لوگ، آپ کو فیسز زیادہ متوقع نہیں ہیں۔

جناب سپیکر: یہ راجہ صاحب! آپ نے یہ فگرز کہاں سے لئے ہیں؟

راجہ فیصل زمان: ہں جی؟

جناب سپیکر: یہ فگرز آپ نے کہاں سے لئے ہیں؟

راجہ فیصل زمان: یہ بجٹ کے فگرز ہیں سر۔

جناب سپیکر: بجٹ کے فگرز ہیں؟

راجہ فیصل زمان: جی۔

جناب سپیکر: اچھا۔

راجہ فیصل زمان: انہوں نے Revise کیا ہے سر! دوسری بات یہ ہے جو Simple بات ہے، میں ان چیزوں میں نہیں پڑتا کہ کس نے کیا لیا، کس نے کیا دیا؟ میں منسٹر صاحب کو بتانا چاہتا ہوں کہ اب بھی پٹواری اپنے حلقوں میں نہیں بیٹھتے، وہ ڈسٹرکٹس میں بیٹھتے ہیں، یہ شکایت ہے اور دوسری آخری بات یہ کرتا ہوں سر! ہم ایم پی ایز ہیں اور ہمارے حلقوں کے لوگ سمجھتے ہیں کہ ہم پٹواری کو ٹرانسفر کرا سکتے ہیں اب بھی، لیکن ہم جب ڈی سی کے پاس جاتے ہیں تو وہ کہتا ہے اوپر سے فون آیا ہے، یہ اوپر کی جگہ کا ہمیں نہیں پتہ اوپر والی جگہ کونسی ہے؟ ادھر تک نہ ہم پہنچ سکتے ہیں نہ ہماری پہنچ ہے، میں روزے سے ہوں، میں آپ سے سچی بات کر رہا ہوں۔ مجھے منسٹر صاحب سے یہ پوچھنا ہے کہ ایک تو وہ دفتر کو ٹائم دیں، اگر چار سال نہیں دیا تو آخری سال ہی دے دیں اور کم از کم دفتر میں لوگوں کو آسانی سے مل جائیں کہ لوگوں کے مسائل حل ہو سکیں، میں اپنی کٹ موشن واپس لیتا ہوں۔

جناب سپیکر: جی اوکے۔ نیکسٹ، آمنہ سردار!

محترمہ آمنہ سردار: شکریہ جناب سپیکر۔ بہت ساری چیزیں جو میں کہنا چاہ رہی تھی وہ ہو گئی ہیں، میں Repetition میں نہیں جاؤں گی لیکن ایک تھوڑی سی جو شکایات پھر بھی مل رہی ہیں کہ کمپیوٹرائزیشن ہو گئی، جن علاقوں میں کمپیوٹرائزڈ ہو گیا وہاں پہ بھی لوگ گلہ مند ہی ہیں، وہ بھی اتنے کوئی خوش نہیں ہیں تو اس کے اوپر بھی تھوڑی سی روشنی ڈالیں اور اگر بریفنگ وغیرہ کا ہمارے لئے کوئی اہتمام کر دیا جائے، کریں تو بہت اچھی بات ہے تاکہ ہمیں تمام محکموں کی کارکردگی کا پتہ چل جایا کرے کہ وہ کیا کر رہے ہیں؟ بہت شکریہ۔

جناب سپیکر: جی، نیکسٹ ضیاءالرحمان صاحب!

میاں ضیاءالرحمان: بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ۔ سپیکر صاحب! میں بھی جس طرح عبدالستار خان صاحب نے بات کی ہے اور محترم صالح محمد خان صاحب نے بات کی ہے تو سی پیک کے جتنے پراجیکٹس بھی ہیں جی، جس طرح داسو ڈیم کی بات ہوئی ہے، دیامیر بھاشا ڈیم کی بات ہوئی ہے تو اسی طرح میں سکی کناری کی

بات کروں گا کہ وہاں پر بھی سپیکر صاحب! لوگوں کے ساتھ جو کچھ ہو رہا ہے، میں یہ کہوں گا کہ تقسیم سے قبل انگریزوں نے بھی لوگوں کے ساتھ اتنا ظلم نہیں کیا اور آپ کو پتہ ہے کہ لوگ اپنے قبرستان کی بھی قربانی دے رہے ہیں، اپنے گھروں کی قربانی بھی دے رہے ہیں، اپنے مکانوں کی، گھروں کی، زمینوں کی ہر چیز کی قربانی دے رہے ہیں، مساجد کی قربانی دے رہے ہیں لیکن سپیکر صاحب! ملک کیلئے اتنی بڑی اگر وہ قربانی دے رہے ہیں تو کم از کم ان کو کسی حد تک اس کا ازالہ بھی ہونا چاہیئے، ان کے جو معاوضے ہیں، وہ ٹھیک ٹھاک ہونے چاہئیں لیکن ایسی کوئی بات نہیں ہے جی، بالکل برائے نام معاوضہ ہے اور اس پر کل ایک اور ظلم ہوا ہے کہ زبردستی موضع کاغان میں سکی کناری ڈیم کیلئے زبردستی وہاں پہ زمین لی گئی ہے تو اس میں سپیکر صاحب! صاف بات ہے جو کلیکٹرز ہیں، ان کو قائل کر لیا ہے۔ چونکہ انویسٹرز ہیں، بہت بڑے ان کے پاس پیسے ہیں تو کلیکٹر نے ان کو قائل کر لیا ہے، تو تحریک انصاف کی حکومت میں ہم گورنمنٹ سے یہ امید کرتے ہیں کہ ان لوگوں کو انصاف دیا جائے گا، میں نے پہلے سپیکر صاحب! ایک میٹنگ تھی اس میں تین موضع ہیں سکی کناری ڈیم کی "سواں، پارس اور کاغان" تو انہوں نے زبردستی زمین لینی شروع کی، میں نے کلیکٹر صاحب کو کہا کہ اللہ کے فضل و کرم سے آپ کو جہاں سے بھی زمین چاہیئے تو ان شاءاللہ میں دوں گا، لوگوں سے آپ کو بات کرنے کی ضرورت ہی نہیں ہے لیکن آپ پہلے لوگوں کے مسئلے تو حل کریں۔

جناب سپیکر: شکریہ۔

میاں ضیاء الرحمان: ان کی Compensation جو ہے جائز Compensation ہو، بروقت ان کو ملے۔۔۔۔

جناب سپیکر: شکریہ۔ صاحبزادہ ثناءاللہ!

میاں ضیاء الرحمان: تو اس کے بعد تو کوئی بھی انکار نہیں کر رہا ہے، لوگ تیار ہیں قربانی دینے کیلئے، تو میں جس طرح ستار خان نے بات کی ہے۔۔۔۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: میں اتنا کہنا چاہتا ہوں کہ۔۔۔۔

میاں ضیاء الرحمان: منور خان صاحب! مجھے بات مکمل کرنے دیں، تو میں بھی سپیکر صاحب! یہی اپیل کروں گا کہ خدارا لوگ ہر قربانی دیں گے، یہ میں گارنٹی دیتا ہوں لیکن ان کے ساتھ زیادتی نہیں ہونی چاہیئے۔ وہ

اس ملک کیلئے اتنی بڑی قربانی بھی دیں اور ان کے ساتھ زیادتی بھی ہو، یہ میرے خیال میں کسی طور پہ بھی انصاف نہیں ہے۔

جناب سپیکر: یہ جو بات کر رہے ہیں، سی ایم صاحب بات کر رہے ہیں اس پہ، سی ایم صاحب، چیف منسٹر صاحب! پلیز۔

جناب پرویز خٹک (وزیر اعلیٰ): جناب سپیکر! یہ مسئلہ بہت اہم بھی ہے اور بہت سیریس بھی ہے کیونکہ ہمیں ڈیمز بنانے ہیں، کالجز بنانے ہیں، یونیورسٹیز بنانی ہیں اور یک سالہ پر جو زمین لی جاتی ہے وہ ناانصافی ہے اور چونکہ قانون میں کوئی ایسی چیز نہیں ہے کہ یک سالہ پہ لی جائے، قانون میں لکھا ہوا ہے جو میں نے دیکھا ہے کہ مارکیٹ ریٹ پر لوگوں کو Payment کی جائے گی لیکن جو ہمارے ڈپٹی کمشنرز ہیں، جو آفیسرز ہیں، وہ یہ کام کرنے کو تیار نہیں کیونکہ مارکیٹ ریٹ کو کیسے Assess کیا جائے؟ اگر ہم یہاں پر ایک کمیٹی بنا لیتے ہیں میرا خیال ہے کہ کس طرح وہ Assessment کا طریقہ کیونکہ آج اگر میں ڈی سی ہوں اور میں کہتا ہوں کہ یہ 100 روپے مارکیٹ ریٹ ہے، کل کوئی اٹھ کے آجائے گا کہ نہیں یہ تو 80 روپے کا تھا تو Assessment پھر کون کرے گا؟ اور وہ جو آفیسر ہے، احتساب اور نیب اس کے پیچھے پڑ جاتے ہیں تو اس کیلئے ریگولر کوئی ایسا طریقہ جس سے کل ناانصافی بھی نہ ہو اور کل جو آفیسر زیا جو بھی اس پہ کام کرے، اس کو بھی تکلیف نہ ہو تو میرے خیال میں اسمبلی کی کمیٹی بیٹھے، کوئی صحیح طریقہ نکال لے تاکہ Safe بھی ہو اور لوگوں کیساتھ زیادتی بھی نہ ہو اور آفیسرز جو ہیں ان کو بھی تکلیف نہ ہو کیونکہ اگر میں As a DC بیٹھا ہوں تو میرے خیال میں میں بھی مارکیٹ ریٹ پر نہیں کروں گا کیونکہ مارکیٹ ریٹ کا کوئی وہ ہے ہی نہیں تو ایک طریقہ کار ہو، آپ لوگ بیٹھیں اور میں سپورٹ کروں گا، ایسا سسٹم نکالیں تاکہ ٹرانسپیرنٹ ہو، کسی کیساتھ زیادتی نہ ہو اور ناانصافی نہ ہو کیونکہ یہ مسئلے ہر ڈسٹرکٹ میں ہیں، چاہے سکول بنانا ہو، کچھ بھی بنانا ہو، یک سالہ بہت کم ہوتا ہے۔ دوسری بات، منسٹر صاحب بیٹھے ہوئے ہیں یہ جو مارکیٹ ریٹ کو ٹھیک کرنے کیلئے میں نے ان کو انسٹرکشن دی تھی شروع میں کہ آپ جو Actual مارکیٹ ریٹ ہے، وہ ڈی سی ریٹ پر کر دیں کیونکہ Actual اگر وہ ہو جائے تو یہ مسئلہ آدھا حل ہو جاتا ہے لیکن پھر بھی ہمارے Elected لوگ، ہمارے اپنے نمائندے ہمارے پیچھے پڑ گئے کہ یہ زیادہ ہے یہ کم ہے حالانکہ مجھے پتہ ہے کہ کہاں کونسا ریٹ

ہے ؟ اگر آپ لوگ تیار ہیں تو ہم تیار ہیں کہ اس ریٹ کو مارکیٹ ریٹ پر ڈی سی کر دیں تاکہ لوگ ٹیکس بھی صحیح دیں اور حکومت کو بھی پیسے ملیں اور کسی کیساتھ زیادتی نہ ہو تو میرے ساتھ تو یہی ایک راستہ ہے کہ آپ لوگ بیٹھیں اور مارکیٹ ریٹ کے مطابق DCs ریٹ بنادیں اور ہمارے کمشنرز۔۔۔۔

جناب سپیکر: اس میں ہمارے خیال میں ایک ہماری کمیٹی بھی تھی۔۔۔۔

جناب وزیر اعلیٰ: اس میں ہم نے پورا سروے کیا تھا، کنسلٹنٹس ہائر کئے تھے کہ گورنمنٹ کے ریونیوز بھی بڑھ جائیں گے اور جو لوگوں کا معاوضہ ہے وہ بھی صحیح ملے گا لیکن پھر ہم لوگ بات کرتے ہیں لیکن پھر اس پر کھڑے نہیں ہو سکتے تو پلیز پھر اس پہ کھڑے رہنا کیونکہ یہ ایک راستہ ہے اور کوئی راستہ نہیں، کوئی بہتر اور راستہ آپ کے پاس ہو تو ضرور بتادیں۔

جناب سپیکر: مولانا لطف الرحمان صاحب، اپوزیشن لیڈر بات کرنا چاہتا ہے، مولانا لطف الرحمان!

مولانا لطف الرحمان قائد حزب اختلاف: جناب سپیکر! چیف منسٹر صاحب نے بات کی ہے اور اچھی بات کی لیکن میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ Already negotiation کا، Private negotiation کا ایک طریقہ کار موجود ہے اور اگر اس پر عمل کیا جائے تو یہ مسئلہ آسانی سے حل ہو سکتا ہے۔ طریقہ کار، اس کی ایک کمیٹی ہے، جس ڈیپارٹمنٹ نے وہاں پر زمین لینی ہے، اس حوالے سے اسی ڈیپارٹمنٹ اور اس کے ساتھ Negotiation کا ایک طریقہ کار موجود ہے۔

جناب وزیر اعلیٰ: یا ڈی سی ریٹ بنادے تو ہو سکتا ہے، Safe ہو سکتا ہے۔

قائد حزب اختلاف: لیکن اچھی بات ہے اگر کوئی اس حوالے سے کمیٹی بن سکتی ہے تو یہ مسئلہ بنیادی طور جو زمین کا ہے، وہ حل ہو جائے گا، یہ بنی چاہیئے، ساری اسمبلی یہاں بیٹھی ہے، مشکلات یہ سب کیلئے ہیں۔

جناب سپیکر: مولانا صاحب! یہ بات بالکل صحیح اسلئے ہے کہ میں خود بھی مانسہرہ گیا تھا تو وہاں لوگوں کی بڑی سکی کناری کے حوالے بہت سی ایسی باتیں تھیں اور وہ ڈی سی بھی کہتا ہے کہ میں، جس طرح چیف منسٹر صاحب نے بات کی، میرے خیال میں ہم اس پر ایک سپیشل کمیٹی بناتے ہیں، ہم نے ایک کمیٹی بنائی بھی تھی، اس کی رپورٹ کو بھی ہم دیکھ لیں گے جس میں منور خان صاحب! آپ بھی تھے۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: اس میں میں سر! تھوڑی وضاحت کروں۔

جناب سپیکر: جی منور خان صاحب۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: اس پر کافی کام ہو چکا تھا ڈسٹرکٹ لیول پر، جناب سپیکر! جیسے آپ نے کہا کہ کمیٹی بن گئی تھی پھر اس پر ڈسٹرکٹ لیول سے، ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن سے بھی لوگ آئے تھے، وہاں پر انہوں نے Opinion دی تھی، یہ سی ایم صاحب نے دی تھی اور مولانا صاحب کہہ رہے ہیں کہ Private negotiation، Private negotiation میں پھر بھی وہی مسئلہ ہوتا ہے کہ جو ڈیپارٹمنٹ کا ہیڈ ہوتا ہے وہ کہتا ہے کہ اگر کل ان کے ساتھ دس لاکھ کی زمین ہے اور میں چالیس لاکھ کی کنال کر دوں تو پھر کل مجھے پریشانی ہو گی، یک سالہ، پانچ سالہ پر آپ نے کیوں نہیں کیا، تو یہ مسئلہ ابھی کمیٹی بنی ہوئی ہے، تھوڑا اس کو اگر آپ Expedite کر لیں تو میرا خیال ہے کہ اس کا حل نکل آئے گا سر۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے جی، وہی کمیٹی اس کو ہم Expedite کر سکتے ہیں، میرے خیال میں اس پر اب۔۔۔۔۔

نوابزادہ ولی محمد خان: سپیکر صاحب! یوه خبره کوم۔

جناب سپیکر: جی، نوابزادہ صاحب، Nawab Sahib, please quick۔

نوابزادہ ولی محمد خان: جناب سپیکر صاحب! سی ایم صاحب یوه خبره اوکړه چې که تاسو په دیکښې یوه کمیټي جوړوئ نو هغه یو جي پروسیجر دے ، د هغې نه هیڅ مطلب هم نه جوړیږی او خبرې چې څومره پورې دی هغه لیټ کیږی به۔ چونکه یکساله باندې څنګه چې سی ایم صاحب اووئیل د دې نه علاوه که کمیټی جوړه شی هر څه چې وی هغه ریټ بدلیږی نه۔ زمونږه ګزارش دا دے چې کوم په موجوده صورت کښې حال کښې د هغې به په یکساله باندې هغه ریټ جوړیږی نو هغه چائنا والا هم وائی چې مونږه پیسې ورکړی دی او کمشنر ته د زمونږه دا خواست اوکړی چې یره سی ایم صاحب چې هغوی لا دا ورکړی چې بهئی شو پورې چې زر تر زره دا Payment کیږی چې دوئ خلقو ته اوکړی، خلقو مکانونه نې هم اورغړول، خلق دغسې ناست دے جی۔ زمونږه ګزارش به دا وی چې خلقو ته به دغه یکساله باندې Payment اوکړی خو Payment د ورته اوکړی۔

جناب سپیکر: بخت بیدار صاحب! تاسو که خبره کوئ۔

جناب بخت بیدار: جناب سپیکر صاحب! ډیره زیاته مهربانی۔ دا کمیټی چې څومره زر جوړه شی نو ډیره ښه به وی خو دیر بالا، ډیر پائیں هلته چونکه پټوار سسټم نشته او تاسو ته پته ده چې زمونږه خلق زیات خلیج کښې دے او آبادی زیاته ده زمکه کمه ده او د زمکې ریټ د ټولو نه زما په خیال د اسلام آباد او د پیښور او د حیات آباد نه زمونږه د دیر بالا او د دیر پائیں ریټونه اوچت دی۔ لهذا زما به دا درخواست وی چې د دې دواړو ضلعو نه څوک چې کله دا کمیټی کښینوئ، دې دواړو ضلعو نه پکښې زمونږه یو نمائنده، منتخب نمائنده خامخا کښینوئ ځکه چې هغه ته به د خپلو حالاتو پته وی نو د دغه مسئلو سره مونږه مخامخ روان یو۔

جناب سپیکر: چې مطلب بیا ډائریکټ دغه ته ځی هں۔ قہقہہ سردار حسین صاحب، جی جی۔

جناب سردار حسین: شکریہ سپیکر صاحب! میری کٹ موشن اور میں بھی موجود تھا لیکن پتہ نہیں میرا نام Escapeہو گیا۔

جناب سپیکر: ماشاءاللہ میں نے دو دفعہ آپ کا نام لے لیا لیکن آپ شاید سن نہیں پائے۔

جناب سردار حسین: میں یہاں موجود تھا،Anyhow, no problemوزیر اعلیٰ صاحب نے کمیٹی کے حوالے سے جو بات کی، یہاں پر میرے خیال میں تمام ممبران کو یہ مسائل اسی لئے بھی درپیش ہیں کہ مختلف حلقوں میں کالج بنانا، سکول بنانا، ہاسپیٹلز بنانا یا لینڈ پر چیز، آپ کا بھی واسطہ پڑا ہو گا، ہم سب کا واسطہ پڑا ہے اور یہ مسئلہ ابھی تک حل نہیں ہو سکا، چونکہ وزیر اعلیٰ صاحب نے تجویز مانگی ہے، میری نظر میں مقامی پر چیز کمیٹی ہونی چاہیئے جس کمیٹی میں ڈی سی بھی ممبر ہو، اسسٹنٹ کمشنر بھی ممبر ہو، مقامی تحصیلدار وہ بھی ممبر ہو، ساتھ ساتھ ٹرانسپیرنسی کیلئے قریبی ہائی یا ہائر سیکنڈری سکول کا جو پرنسپل ہو، وہ بھی اس کمیٹی کا ممبر ہو، اسی طرح نیب کو ہم ریکویسٹ کر لیں، مقامی سطح پر جو بھی سائٹ لینڈ پر چیز ہو تاکہ وہ اپنا نمائندہ بھیجے As a co-opt member.، احتساب کمیشن بھی اپنا ممبر بٹھائے، انٹی کرپشن بھی اپنا ممبر بٹھائے گا تو ان کے سامنے جس ایریا میں لینڈ کی جو قیمت ہو گی، ظاہر ہے وہاں بھی معلوم ہوتا ہے کہ گورنمنٹ کا ریٹ کتنا ہے اور جو مقامی مارکیٹ ہے وہاں پر ریٹ کتنا ہے تو اس کمیٹی کے سامنے جب دو ریٹ بنیں گے تو میرے خیال، Otherwiseتو دس سال لگتے ہیں، پانچ سال لگتے ہیں، چھ سال لگتے ہیں اور اسی طرح سالوں سال یہ مسئلہ

جو ہے، یہ ہم سیکشن فور کر لیتے ہیں، میں مثال دیتا ہوں ہمارے علاقے میں پانچ سال پہلے، پانچ سال پہلے سکشن فور ہوا ہے یعنی پولیس سٹیشن بنانی ہے حکومت نے، پانچ سال میں اسی پولیس سٹیشن کیلئے فنڈ ایلوکیٹ نہیں ہو سکا، اب جس کی زمین پر سیکشن فور لگا ہے، وہ بے چارہ اپنی زمین بیچ نہیں سکتا، اب پانچ سال پہلے کے آپ ریٹ دیکھیں، حکومت نے اگر اب بھی ریٹ دینا ہے تو پانچ سال کا پہلے والا ریٹ اسی لینڈ اونر کو ملے گا، یہ تو میرے خیال میں، ظاہر ہے حکومت کے پاس اختیار ہے لیکن یہ زیادتی ہے، تو اسی حوالے سے تو میری تجویز ہے باقی ڈیپارٹمنٹ کے حوالے سے، جب سے یہ نئی حکومت آئی ہے تو ہم سن رہے تھے، پٹواریوں کے حوالے سے بڑے چرچے ہوتے تھے کہ پٹواری جو ہے وہ رشوت لیتے ہیں، کھلے عام رشوت لیتے ہیں، چار سال اسی حکومت کو ہو گئے منسٹر صاحب کو بھی پتہ ہو گا اور وہ نوٹ بھی فرما لیں۔ میرے خیال میں جو میں دیکھ رہا ہوں پٹواری اب بھی رشوت لے رہے ہیں، تبدیلی یہ آگئی ہے کہ پہلے پٹواری دفاتر میں رشوت لیتے تھے اور ابھی پٹواری رات کو اپنے حجروں میں اور اپنے ڈیروں میں اور اپنے گھر پر رشوت لے رہے ہیں، یہ تبدیلی آئی ہے۔ باقی تو رہی بات، بار بار ہم سنتے ہیں کہ حکومت کہتی ہے کہ ہمیں نشاندہی کریں، ہمیں نشاندہی کریں، Whistle-blower قانون بھی یہ اسمبلی میں لے آئے۔ میں وزیر اعلیٰ صاحب کی موجودگی کا فائدہ اٹھاؤں گا، خیبر بینک کے مسئلے میں خیبر بینک کے پانچ ملازمین نے Whistle-blow کیا، انہوں نے انفارمیشن دے دیئے، کرپشن کے ثبوت دے دیئے، احتساب کمیشن نے اس پر نوٹس لے لیا حکومت نے کیا کیا؟ حکومت نے ان پانچ ملازمین کو ملازمت سے نکال دیا تو باقی لوگ دیکھتے ہیں کہ جاب سیکورٹی نہیں ہے، ان کی زندگی کی سیکورٹی نہیں ہے تو کسی کا دماغ خراب ہے کہ وہ کرپشن کی نشاندہی کرے گا، لہذا یہ بات کہنا کہ کرپشن ختم ہو گئی ہے، ہاں کرپشن کے طریقے مختلف شروع ہو گئے ہیں ورنہ بتاؤ منسٹر صاحب! کہ پٹواری نہیں لے رہے ہیں، کہاں پر نہیں لے رہے ہیں، یہ ضلع کا نام بتائیں، تحصیل کا نام بتائیں تاکہ ہم مان لیں، ہم بھی اسی صوبے کے لوگ ہیں، تمام ممبران یہاں پر بیٹھے ہوئے ہیں تو منسٹر صاحب اگر اس چیز کی وہ کریں۔ دوسرا یہ بتایا جائے کہ جو ریونیو ڈیپارٹمنٹ ہے، فیصل صاحب نے نشاندہی کی، ٹیبل ریٹ پر جو پراپرٹی ٹیکس ہے اس میں اضافہ ہوا، نتیجہ کیا نکلا؟ کہ جو Aggregate صوبے میں جو ریونیو جنریٹ ہو رہا تھا، وہ کم پڑ گیا، اب ظاہر ہے گاؤں میں یہ غریب علاقے ہیں، دہشتگردی کا مارا ہوا صوبہ ہے،

غریب لوگ اپنے لئے دس مرلے اور ایک کنال زمین جو ہے وہ گھر کی تعمیر کیلئے لے رہے ہیں، اب جو پراپرٹی ٹیکس ہے، گورنمنٹ جو ٹیکس ہے اس میں اتنا اضافہ ہوا، اتنا اضافہ ہوا ہے کہ لوگ بھی حیران ہیں تو یہ بھی ریکویسٹ ہے وزیراعلیٰ صاحب سے، حکومت سے کہ وہ اس ریٹ کے اضافے پر اگر نظرثانی کر لیں تو میرے خیال میں ایک تو پیسہ سرکل میں آجائے گا، دوسرا سالانہ جو ریونیو جنریٹ ہونا ہے، اسی ریونیو میں اضافہ ہوگا اور لوگوں کو بھی سہولت ہوگی، تو مہربانی ہوگی۔

جناب سپیکر: شکریہ۔ رشاد خان، رشاد خان۔

جناب محمد رشاد خان: بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ سپیکر صاحب! محکمہ مال جو ہے یہ ان محکموں میں شامل ہے جن سے عوام کا زیادہ سے زیادہ واسطہ پڑتا ہے۔ فرد، کھتونی، یہ انتقالات کا جو طریقہ کار ہے اور اس میں مطلب چار سالوں سے، چار سالوں سے جس طرح لوگ رل رہے ہیں، جو ان کو پریشانیاں ہوتی ہیں وہاں پر تو سپیکر صاحب! سی ایم صاحب نے بات کی، جو Negotiation پرائیویٹ اور سرکار جو زمین لینے کیلئے جو ہوتی ہے، وہ بھی میں اس میں بات کرنا چاہ رہا تھا۔ دو طریقہ کار ہے سپیکر صاحب! جو قانون کے مطابق ہیں، جو پالیسی ہے، ایک سرکار کا ریٹ ہوتا ہے جو یکسالہ ڈی سی کمیٹی کا چیئرمین ہوتا ہے اسی میں Decide ہوتا ہے اور یکسالہ نکال کر ریٹ مختص کیا جاتا ہے۔ دوسرا کمیٹی کا سربراہ بھی ڈی سی ہی ہوتا ہے جو زمین کا مالک، پٹواری، تحصیلدار اور محکمہ جو وہ زمین لینا چاہتا ہے، وہ سارے متفق ہو کر Private negotiation کرتے ہیں جس میں زمین کی جو اصل مالیت ہوتی ہے مارکیٹ میں، وہ سامنے آجاتی ہے لیکن سپیکر صاحب! کوئی بھی سرکاری آفیسر جو ہے وہ Private negotiation جو پالیسی میں شامل ہے اس عمل سے کتراتا ہے اور سی ایم صاحب نے خود کہا کہ جنہوں نے بھی کیا وہ لوگ جیل میں ہے تو میرے خیال سے یہ حکومت کی ذمہ داری ہے کہ اس کمیٹی کو جو قانون میں شامل ہے اس کو تحفظ دے، وہ کوئی ایسی حرکت تو نہیں کرتی کہ وہ Private negotiation کریں اور اس پر ہاتھ ڈالا جائے تو اس حوالے سے سپیکر صاحب! اسی سے ملتا جلتا جو پٹواری کلچر ہے، جو پٹواری راج ہے جس کو ختم کرنے کے دعوے کیے گئے، نعرے لگائے گئے، سپیکر صاحب! ابھی بھی وہ پٹواری کلچر، جو پٹواری راج ہے، وہ ابھی بھی قائم ہے اور اس کی Simple سی مثال یہ ہے کہ پٹواری اپنی مرضی سے پوسٹنگ کراتا ہے، اس کو پرواہ ہی نہیں ہے، اپنی من پسند جگہ وہ منتخب

کرتا ہے اور پھر ڈی سی یا محکمہ یا حکومت اس کو وہی پر تعینات کر دیتی ہے۔ سپیکر صاحب! پٹواری، میں آپ کو ایک مثال دوں کہ محکمے کی میں نااہلی کی بات کر رہا ہوں کہ 2015 میں شانگلہ میں سیلاب آیا، زلزلہ آیا کافی تباہی مچی، تمام پٹواریوں نے انکار کر دیا کہ ہم سروے نہیں کریں گے، ان کو اپنی وہ عزت کی جو فکر تھی کہ احتساب کمیشن وغیرہ یہ کریں گے، کوئی کارروائی کریں گے اور جو ہماری صحیح نشاندہی ہوگی اسی پر ہمیں مورد الزام ٹھہرایا جائے گا اور ہمیں ہتھکڑی باندھی جائے گی، سپیکر صاحب! مجھے دو منٹ اس پر بات کرنے دیں کیونکہ یہ محکمے کی ذمہ داری ہے اور اس سے میرے حلقے کے جو لوگ ہیں وہ بہت زیادہ متاثر ہوئے ہیں، آٹھ ماہ تک تو کوئی سروے کرنے کیلئے وہاں جانے کو تیار نہیں تھا اور محکمے نے کوئی ایسی کوشش نہیں کی جس سے وہ اصل مسئلے کی طرف پہنچتے۔ سپیکر صاحب!-----

جناب سپیکر: شکریه جی، ټائم مختصر دے۔

جناب محمد رشاد خان: میں مختصر وہ نشاندہی کرنا چاہتا ہوں، ہمارے وہاں پر شانگلہ میں دو گراؤنڈز منظور ہوئے ہیں بشام میں اور لیلونئی میں، ابھی تک محکمے نے وہ زمین کی نشاندہی جو ہے اس میں کبھی ایک جگہ کبھی دوسری جگہ، تو محکمہ کو چاہیئے کہ وہ ایسی چیزیں جس سے ترقی کا عمل متاثر ہو، اس کو چاہیئے کہ وہ پہلے کرے کمپیوٹرائزڈ، کمپیوٹرائزڈ جو ریکارڈ تھا زمینوں کا، اس کا پچھلے بجٹ میں ہم نے سنا اور سب سے پہلے شاید پہلے بجٹ میں اس کا دعویٰ کیا گیا، چار سال گزرنے کو ہیں، یہ اگر ہمیں وہ منسٹر صاحب بتادیں کہ اس کام کا کیا ہوا؟

جناب سپیکر: شکریہ۔ کریم خان! کریم خان!

جناب عبدالکریم (معاون خصوصی برائے صنعت و حرفت): شریکه جناب سپیکر صاحب۔ جناب سپیکر صاحب! دا Acquisition Act چې دے نو هغه امنډمنټ غواړی دې وخت سره۔

جناب سپیکر: څه شے ؟

معاون خصوصی برائے صنعت و حرفت: زما دا Suggestion دے چې دا Indian Acquisition Act چې کوم دے، هغه د سټډی کړے شی۔ هغې کښې د دې خبرې مدعا، د Resist کولو مدعا پکښې شته دے۔ د دې نه مخکښې یو مسئله راغلې وه چې په کرنل شیر انټرچینج باندې چې کوم Acquisition کیدو، په هغې کښې

خلق جیل له لاړل۔ نو هغې کښې ما لږ ډیره سټډی کړې وه۔ نو Indian Acquisition Act چې دے نو هغه د چا نه چې زمکه واخستلې شی هغه له First priority ورکوی۔ نو که هغه سټډی کړے شی او زمونږه په خپل Acquisition Act کښې امنډمنټ اوکړو دا مسئله به بالکل حل شی جی۔

جناب سپیکر: جی جی۔ جی، صاحبزاده ثناء الله صاحب! ماشاءالله ته دومره، دغه مې ډیر اوکړو۔ زه بسم الله جی، دوه منټه۔ Please two minutes۔

صاحبزاده ثناءالله: شکریه جناب سپیکر صاحب۔ زه خو وایم جی دلته دا خبره کیږی د پټواری نظام، دا زما په، زه حیران شم په دیر کښې خو نه پټواریان شته او نه پټواری نظام شته۔ حقیقت دا دے دلته د کمپیوټر خبره کیږی، هلته ساده اندراج تر اوسه پورې لا نه دے شوے۔ زما جی درخواست دا دے چې که فرض کړه یو څو پټواریان صاحبان خو شته خو زه جناب سپیکر صاحب! یو عرض کوم۔ دا زمونږ د دې منسټرانو صاحبانو د امتحان ورځ ده، داسې برناحقه ئې مه پاس کوئ پریږده چې لږ چې لږه خبره په یو خبره باندی اوشی نو دا به ډیره ښه وی چې لکه د کارکردګئ په لحاظ باندې چې کومو صاحبانو دا تنخواه حلاله کړې ده، که حرامه ئې خوړلې ده چې په دې باندې لږه خبره ورسره اوشی۔ زما جی عرض دا دے چې دا وزیر موصوف د دا یو خبره ما ته اوکړی چې تر اوسه پورې د دیر بالا او د دیر پائیں په حواله باندې، دوئ د دیر د زمکو په حواله باندې تر اوسه پورې چرته په دې پینځه کاله کښې یو میټنګ کړے دے او که کړے ئې دے نو د هغې په نتیجه کښې دوئ ته به بیا معلومات هم وی چې په دیر کښې څومره سرکاری زمکه ده، چې شته او که نشته دیر کښې، ځکه چې یو څو میاشتې مخکښې جناب سپیکر صاحب! ما سی ایم صاحب ته یو درخواست ورکړے وو، ما نه وو ورکړے هغه درخواست د تحصیل بار مشترکه راغلے وو، د ټولو پارټو دستخطونه وو پرې د وکیلانو صاحبانو۔ تاسو یقین کوئ سرکاری زمکې خرڅې شوی دی، د انکوائرئ د پاره مونږه درخواست کړے وو خو لا تر حال د هغې هیڅ پته اونلګیده۔ زمونږ سرکاری زمکې هلته هم نشته دے ډیرې کمې دی خو که دی هم نو هغه د خلقو د کانونو د پاره هغه مقامی انتظامیې چې خرڅې کړی دی، مونږ

سره ئې ثبوتونه دی، په Written کښې مو راوړی دی خو تر ننه پورې د هغوی خلاف هیڅ قانونی کارروائی نه ده شوې۔

جناب سپیکر: شکریہ۔ علی امین گنڈاپور صاحب! علی امین گنڈاپور صاحب!

صاحبزادہ ثناءاللہ: دا خبره جناب سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: جی، وہ باتیں آپ کی بالکل سب آگئیں جی، اس وقت۔ علی امین گنڈاپور!

جناب علی امین گنڈاپور (وزیر مال): بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریہ جناب سپیکر۔ سب سے پہلے میں یہ جو Land Acquisition کا مسئلہ ہے اس پہ ذرا بریف کردوں۔ اس کے حوالے سے سر! ہم نے اس چیز کو دیکھ کر آتے ہی پہلے پہلے وزیر اعلیٰ صاحب کے احکامات پہ ایک کمپنی کو کنسلٹنٹ ہائر کرکے یہ کام دیا تھا کہ ریٹ کو Evaluate کیا جائے لیکن اس کمپنی نے جب Rate evaluate کیا تو کچھ ضلعوں میں تو یہ مسئلہ ہے کہ وہاں پر کوئی ڈیمز بنتے ہیں، Acquisition بہت زیادہ ہوتی ہے، تو وہ لوگ تو چاہتے ہیں کہ ریٹ زیادہ ہو، مارکیٹ کے مطابق ہو لیکن کچھ ایسے اضلاع بھی ہیں جہاں پہ ہمارے ہی ممبران صاحبان نہیں چاہتے کہ وہاں پر ریٹ زیادہ ہو کیونکہ انتقالات ہوتے ہیں اور اس میں جب ریٹ زیادہ آئے تو فیس زیادہ آتی ہے اس کی، تو اسی اسمبلی کے فلور پہ ادھر ہی بیٹھے ممبران، Elected ممبران کے کہنے پر پریشر کی وجہ سے ہمیں وہ چیز Implement نہیں کرنے دی گئی جبکہ ہمارے پاس وہ چیز پڑی ہوئی ہے، ہمارے پاس Enhance rates موجود ہیں۔ یہ آج فیصلہ کرلیں اس بات کا کہ اس پہ راضی ہیں، کل سی ایم صاحب اس کو Implement کر دیں گے اور ان شاءاللہ وہ ریٹ مارکیٹ ریٹ کے ساتھ تقریباً برابر ہے اور اس پہ بہت محنت ہوئی ہے ایک سال۔ اس کمپنی نے وارنٹی دی ہے کہ ان کا جو ریٹ ہے ان شاءاللہ انہوں نے فٹ وائز اور میٹر وائز روڈ کے ساتھ بھی کیا ہے اور آگے پیچھے بھی کیا ہے تو انہی کی وجہ سے رکا ہے وہ۔ اس کے اوپر ایک کمیٹی والی آپ بات کر رہے ہیں، وہ یہ کرلیں، بالکل میں ان کے ساتھ ہوں اس میں اور ان شاءاللہ سی ایم صاحب خود بیٹھے ہوئے ہیں، ہم اس میں Implement کرنے کیلئے تیار ہیں۔ باقی جو اس حوالے سے کہتے ہیں کہ جی مارکیٹ ریٹ ڈی سی کردے تو اس میں Already کافی کیسز چل رہے ہیں اور کوئی بھی بندہ ہمیں سمجھنے کو تیار نہیں ہے اس چیز کو کیونکہ ریٹ جو ہے وہ انتقال کے حوالے سے ہے اور جب انتقال ہو جاتا ہے تو میں اسی ریٹ کی بجائے کوئی اور ریٹ اگر دوں کسی کے لینڈ کیلئے تو کل اس پہ اعتراض آتا ہے تو یہ اس

کیلئے کمیٹی بن جائے مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے۔اس کے علاوہ جو ہمارے ایم پی اے صاحب نے بات کی سی ایم صاحب کی پہلی سپیچ کے حوالے سے کہ انہوں نے سپیچ کی تھی اور اس میں انہوں نے بہت سی چیزیں Identify کی تھیں، پچھلی حکومتوں میں رہ کے کیا ہوتا آیا ہے، میں فخر سے کہتا ہوں کہ اس سپیچ میں مجھے بھی یاد ہے انہوں نے ایک نام لیا تھا کہ ایک پٹواری ہے سعید کنگ جو کہ مافیا ہے یہاں پر اور وہ پچھلی حکومتوں میں بیٹھ کے منسٹر چینج کر دیا کرتا تھا اور ان کو شاید معلوم نہیں ہے کہ ہم نے اس کو پہلے چھ مہینوں میں نوکری سے نکال دیا ہے، وہ اب محکمہ مال کا Even employee بھی نہیں رہا، تو مافیا ختم کرنے کا ہمارا مشن تھا اور اس کا یہ ثبوت ہے۔دوسری بات یہ ہے کہ ہم یہ کہہ رہے ہیں کہ جی پٹواری ہیں، جو ان کے حلقوں میں بیٹھتے نہیں ہیں، وہ اپنے دفاتر میں، تو دفاتر تو ان کے بنائے نہیں گئے، پٹوار خانے بنائے نہیں گئے تھے، جب ہماری حکوت آئی ہے تو ہم نے 100 پٹوار خانے جو ہمارے شیڈول میں شامل تھے ہم نے وہ سارے مکمل کر لئے ہیں۔اس کے بعد بجٹ کے حالات کو دیکھ کر، پیسوں کو دیکھ کر جو کہ ہم سسٹم کو کمپیوٹرائزڈ کر رہے ہیں تو ایک ٹائم میں ہم دو چیزیں نہیں کر سکتے کہ ہم سنٹرز بھی بنائیں، وہ بھی Slow ہیں ہمارے کافی، پیسے نہیں ہیں اتنے حکومت کے پاس اور ساتھ پٹوار خانے بھی بنائیں لیکن پہلی دفعہ KPK میں ہماری حکومت نے پٹواریوں کو Per month جو ہے وہ ہر مہینے رینٹ دیا جا رہا ہے کہ وہ اپنے لئے ایک ایسی جگہ ڈھونڈیں کہ جو حلقے کے اندر ہو، اس حلقے میں وہ موجود بیٹھے ہوں وہاں پر، یہ سارے بیٹھے ہوئے ہیں۔ یہاں پر جنہوں نے اعتراض کیا ہے اس بات پر یہ آن ریکارڈ بتا دیں کہ ڈپٹی کمشنرز صاحبان کو انہوں نے کتنی Applications دی ہیں کہ ان کے پٹواری وہاں نہیں بیٹھتے اور اگر ان کی Applications وہاں گئی ہوئی ہیں، تو ڈپٹی کمشنرز کو یہاں بلایا جائے اور ان سے پوچھا جائے کہ آپ کیوں یہ نہیں کر رہے۔پٹواریوں کے تبادلے کے حوالے سے بھی یہ ساری پاؤرز جو ہیں ہم نے ڈپٹی کمشنرز کو دی ہوئی ہیں اسی لئے تاکہ ضلع کا مسئلہ ضلع میں حل ہو جائے، تو یہ سارے جو جن کو شکایتیں ہیں، یہ آن ریکارڈ بس لے آئیں اور یہ بتائیں کہ کونسا ڈپٹی کمشنر ان کے کہنے پہ ایکشن نہیں کر رہا؟ جو میری معلومات ہیں، اس کے مطابق ہم نے 372 پٹواری سسپنڈ کیے ہیں اب تک شکایات کی بنیاد پر اور اس میں کچھ لوگوں نے گواہی نہیں دی بعد میں اسی وجہ سے کچھ بچ گئے اور 72 Almost پٹواری Terminate کیے ہیں تقریباً، کافی تحصیلدار Terminate

ہو چکے ہیں پہلی دفعہ اس حکومت میں، نئے تحصیلدار کافی Terminate ہوئے ہیں اس حکومت میں، جو ثبوت ہے اس بات کا کہ ہم پٹواری کلچر کا خاتمہ کرنے آئے ہیں یہاں پر، ورنہ اس سے پہلے بھی یہ سب کہہ رہے ہیں کہ پیسہ چل رہا تھا تو پٹواری Terminate کیوں نہیں ہو رہے تھے، تحصیلدار Terminate کیوں نہیں ہو رہے تھے؟ 80 کروڑ روپیہ آن ریکارڈ ہم نے دوبارہ وصول کرکے عوام کو دیا ہے، یہ میں آن فلور آف دی ہاؤس کہہ رہا ہوں کہ ہم نے عوام کو واپس کرایا ہے۔ اس کے علاوہ جو بات ہو رہی ہے کمپیوٹرائزیشن کے حوالے سے، جو لینڈ جس کو ہم کمپیوٹرائزڈ کر رہے ہیں، اس میں ماشاءاللہ یہ بہت سپیڈ سے جارہا ہے یہ کام اور اس کے اندر جو ایک بڑا مسئلہ ہے، وہ یہ ہے کہ یہ ٹیکنکل کام ہے، اس میں جلد بازی نہیں ہو سکتی، ہم نے Ensure کرانا ہے کہ اس میں کوئی غلطی نہ ہو، اس کے اندر ماشاءاللہ ہمارا تقریباً پہلا فیز جو تھا 12 ڈسٹرکٹس، اس میں ہر ڈسٹرکٹ میں 80 پرسنٹ پلس کام ہو چکا ہے، کچھ 100 پرسنٹ بھی ہو چکا ہے۔ اس میں دو مسئلے آرہے ہیں، سی ایم صاحب بیٹھے ہوئے ہیں، ہماری جو میٹنگ ہوئی ہے، مسئلہ انہوں نے حل کر دیا ہے، ایک ہمارے سنٹرز جو ہیں وہ سی اینڈ ڈبلیو بلڈنگ والے تھوڑے Slow ہیں ابھی تک نہیں بنے جو جو بن گئے ہیں ان شاءاللہ ان کا کام ہو چکا ہے۔ دوسرا ہمارا مسئلہ تھا ہمارے سافٹ ویئر کا کیونکہ پورے صوبے کیلئے ہمیں بڑا سافٹ ویئر چاہیئے، جس سافٹ ویئر کے اوپر ہم پورے صوبے کو اکٹھا کر سکیں، اس کیلئے اس بجٹ میں ہمیں 300 بلین دے دیا گیا ہے اور ان شاءاللہ بہت سے ایسے اضلاع اس وقت ہیں جن میں مردان Even نوشہرہ کا جو 100 پرسنٹ کام ہو چکا ہے ہمیں صرف سافٹ ویئر کی کمی ہے اور ساتھ ہی ہماری بلڈنگز کمپلیٹ نہیں ہیں تو ہم آپ کو Ensure کر رہے ہیں کہ جو 12 اضلاع فیز ون کے ہیں وہ تو سارے کے سارے اس حکومت میں شفٹ ہو جائیں گے اور جو باقی ہیں فیز ٹو والے ان کا کمیشن 2020 ہے لیکن ان شاءاللہ ہمیں پوری امید ہے کہ ان میں سے بھی ہم کافی بہت اسی حکومت میں شفٹ کر لیں گے۔ اس کے علاوہ کچھ اور ممبران صاحبان نے جو بات کی ہے، چترال یونیورسٹی کی بات کی انہوں نے، تو میں یہ کہنا چاہوں گا کہ چترال یونیورسٹی جو ہے وہ جہاں پہ یہ بات کر رہے ہیں وہ تو ہماری حکومت کے پلان میں ہی شامل نہیں ہے، ہماری یونیورسٹی کیلئے زمین بھی دی جا چکی ہے اور چترال شہر کے ساتھ یونیورسٹی پہ کام بھی شروع ہے تو میں ذرا ان سے کہوں گا کہ تھوڑا اپنے علاقے میں پھر بھی لیا کریں، شہر میں سارے پشاور میں ہی رہتے

ہیں، یہ لوگ جاتے نہیں ہیں حلقوں میں، ان کو پتہ ہی نہیں ہے کہ یونیورسٹی بننے والی ہے اور کام شروع ہے اس کے اوپر۔ باقی سر! دو چیزیں اور جو بڑی Important ہیں، وہ یہ ہیں کہ وزیر اعلیٰ صاحب نے بڑا Strictly اس کے اوپر ایکشن کیا ہوا ہے، پہلی دفعہ جب بھی کوئی زمین کا انتقال کرتا ہے ہمارے ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے کال جاتی ہے اس کو کہ اس سے پیسے لیے گئے ہیں یا نہیں لیے گئے اور اس کے بعد یہاں پہ ایک ممبر صاحب نے جو بات کی ہے کہ 20 لاکھ روپے لیے گئے، تو میں ان سے کہتا ہوں اور چیلنج کرتا ہوں یہاں پر کہ یہ بھی ڈپٹی کمشنر کو بلالیں جو بھی ہے ان کا اور یہ بھی آجائیں اور یہاں پہ حلف دے دیں کہ کس نے پیسے لیے ہیں، ہم تو یہ کام نہیں کرتے اور یہ کہہ رہے ہیں، پہلے ہم پانچ سو روپے دے رہے تھے اب اس کے بارہ اٹھارہ دے رہے ہیں تو رشوت لینے والا اور دینے والا دونوں جہنمی ہیں، یہ تو خود مان رہے ہیں کہ یہ جہنمی ہیں کہ رشوت دے رہے تھے، تو رشوت کیوں دیتے ہیں لوگ؟ آخر میں ایک بات یہ کروں گا کہ میں یہ سمجھتا ہوں کہ کوئی بھی اگر ایم پی اے جس پہ اس کے حلقے کے لوگوں کو یقین ہو، یقین ہو اس بات کا کہ وہ کرپٹ نہیں ہیں تو اس کے حلقے میں کوئی پٹواری اسے کسی بھی ووٹر سے اس کے بندے سے پیسے نہیں لے سکتا لیکن جب اس کے بندے کو پتہ ہو گا، حلقے کے بندے کو پتہ ہو گا کہ میرا ایم پی اے بھی کرپٹ ہے تو پھر وہ جب پیسے دے گا تو وہ شکایت نہیں کرے گا، تو میری گزارش ہے کہ اچھی باتوں پہ تنقید کیا کریں اور تھوڑا سا یہ جو کلچر ہے، پٹوار کلچر یہ ہم نے نہیں بنایا، یہ ہمیں وراثت میں ملا ہے ان حکومتوں سے جو انہوں نے گزاری ہیں، اپوزیشن والوں نے گزاری ہیں پٹواریوں نے کیا کیا، کس کو چلایا، کونسی حکومتوں نے کیا کیا، یہ سب کو معلوم ہے، ان شاء اللہ جو وعدے ہم نے کیے تھے وہ پوری بھی کریں گے ہم اور ہم یقین دلاتے ہیں کہ رپورٹ کے مطابق پٹوار کلچر اور کرپشن میں بہت زیادہ کمی آئی ہے۔ تھینک یو ویری مچ، اگر انہوں نے واپس لینا ہے تو لے لیں ورنہ ووٹنگ کرالیں۔

(شور)

<u>جناب سپیکر:</u> جی جی، جی۔ جی بتائیں، ہاں جی اس پہ ووٹنگ کرلیں۔ جی جی، بس۔ جی جی، ڈاکٹر حیدر صاحب!

<u>ڈاکٹر حیدر علی پارلیمانی سیکرٹری برائے انسداد رشوت ستانی و صوبائی معائنہ ٹیم:</u> مائیک پلیز، شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ میں ریونیو منسٹر صاحب کی توجہ Land Acquisition Act کے حوالے سے ایک اور

اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں۔Land Acquisition Act کے تحت زرعی اور آبی زمین جو ہے اس میں ہدایت ہے کہ اس کو بچایا جائے اور جو بنجر یا بے کار زمینیں ہیں، ان کو حکومتی استعمال یا جو بلڈنگ کوڈ ہے، اس کے تحت بھی یہ ہے کہ اس کو استعمال میں لایا جائے۔ پاکستان ایک زرعی معیشت ہے اور پچھلے تیس چالیس سال میں زرعی زمین بیس فیصد سے زیادہ سکڑ چکی ہے اور ہم نئی نہریں بنا نہیں سکتے اور جو ہمارے پاس پہلے سے زرعی زمین موجود ہے۔ میری ریکویسٹ ہے کہ کمشنرز صاحبان کو یہ کہہ دیا جائے، Strictly direct کر دیا جائے کہ جو زرعی زمین ہے اگر حکومت کو ضرورت ہے تو اس کو بچائے اور جو بنجر زمینیں ہیں، جو بے کار زمینیں ہیں بلڈنگز کیلئے اور حکومتی ضروریات کیلئے ان کو کام میں لایا جائے۔

جناب سپیکر: اچھا، اس کو میں ووٹ کیلئے ڈالتا ہوں، جو اس کٹ موشن کے حق میں ہوں گے پہلے۔۔۔۔

جناب محمد علی: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جی جی، محمد علی!

جناب محمد علی: شکریه جناب سپیکر۔ زما خو دا تجویز دے چې که خوک خواهش لري چې مونږ پرې ووتنګ کوؤ نو بې شکه هغوی د او کړی۔ څنګه چې ما د شهرام صاحب متعلق دغه شانتې د دوئ متعلق کټ موشن صرف په دې یو نیت باندې راوړے وو چې دلته د هغه کارکردګی رپورټ پیش کړے شی۔ حقیقت دا دے د منسټر صاحب په ډیرو خبرو باندی زه پوهه هم نه شومه خو اخلاص ئې خپل په ځائې وو۔ (قہقہے اور تالیاں) اخلاص حالانکه جناب سپیکر صاحب! زه، زه پرې ان شاء الله پوهه شومه، په کرپشن پوهه شوم، په پټواری پوهه شوم او په چترال زه خو په څلورو ټکو پوهه شومه خو Appreciate کومه ئې اخلاص ئې په خبرو کښې وو۔ زه Withdraw کومه جی۔

(قہقہے)

جناب سپیکر: جی، محمد علی شاہ باچا! محمد علی شاہ باچا! محمد علی شاہ باچا!

سید محمد علی شاہ: محمد علی پرې پوهه نشو هغه ورسره ډیر نزدے ناست دے مونږ به پرې دلته څه پوهه شو جی۔ دوباره د لږ وضاحت او کړی که مطمئن شو خو کښیبنو او مطمئن نشو ووټنګ له به ئې۔۔۔۔

جناب سپیکر: زما خیال دے چې دا به ووټ ته واچوؤ جی۔

سید محمد علی شاہ: هں جی؟

جناب سپیکر: په دې باندې به ووټ دغه اوکړو۔

(شور)

سید محمد علی شاہ: نه څه وضاحت۔

جناب سپیکر: میں نے آگے بھی جانا ہے، ہم ووٹ کیلئے ڈالتے ہیں۔ بس اب جی جو اس کٹ موشن کے حق میں ہوں گے وہ اس، (مداخلت) ایک منٹ، آپ بیٹھ جائیں جی، بس ابھی ووٹ کیلئے ڈالتے ہیں کیونکہ آپ نے کہا ہے تو میں ووٹ کیلئے ڈالتا ہوں، ہمیں ٹائم بھی بچت کرنا ہے نا آگے۔

Now, I put this cut motion to vote. Those who are in favour of it may say 'Yes'.

Members: Yes.

(Laughters)

Mr. Speaker: Confused, confused. Yes, yes,

Those who are in favour of ، څوک چې د دې کټ موشن په حمایت کښې دی

it may say 'Yes'.

Members: Yes.

جناب سپیکر: اود ریږئ، آپ پلیز Stand کیونکہ ابھی ہم کاؤنٹ کریں گے۔

(شور)

جناب سپیکر: آپ پلیز، جو اس کے حق میں ہیں، وہ کھڑے ہو جائیں تاکہ ہم اس کو کاؤنٹ کر سکیں۔ جو کٹ موشن کے حق میں ہیں، کٹ موشن کے حق میں ہیں، جو کٹ موشن کے حق میں ہیں، جو کٹ موشن کے حق میں ہیں، جو کٹ موشن کے حق میں ہیں آپ تو کٹ موشن کے، کٹ موشن کے حق میں ہیں۔ آپ بیٹھ جائیں جی۔

(اس مرحلہ پر گنتی کی گئی)

جناب سپیکر: ابھی جو اس کے مخالف ہیں، وہ کھڑے ہو جائیں۔

(اس مرحلہ پر گنتی کی گئی)

Mr. Speaker: 27, 60. The cut motion is defeated and Demand is granted. Item No. 7-----

(Interruption)

جناب سپیکر: جی، شاہ فرمان خان! جی، شاہ فرمان خان!

جناب شاہ فرمان (وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ): جناب سپیکر! ممبرز-----

(مداخلت)

جناب سپیکر: The Demand is granted، ہم نے کہا ہے Demand is granted۔

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ: جناب سپیکر! ہاؤس کی طرف سے یہ بھی اعتراض آیا کہ ان کو چند باتیں سمجھ نہیں آئیں تو منسٹر صاحب کی دو چار باتیں میں آپ کو Repeat کرکے بتاتا ہوں کہ-----

(شور)

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ: نہیں، آپ نے سنی ہو نگی، آپ نے سنی ہو نگی کہ آپ یہ بتائیں کہ آپ کو کیا، کیا آپ کو یہ سمجھ نہیں آئی کہ پچاس سے زیادہ پٹواری Dismiss ہو گئے ہیں؟ کیا آپ کو یہ سمجھ نہیں آئی کہ چھ تحصیلدار Dismiss ہوگئے؟ کیا آپ کو یہ سمجھ نہیں آئی کہ سات نائب تحصیلدار Dismiss ہوئے؟ منسٹر صاحب کا کہنا ہے کہ اگر ایم پی اے کمپلینٹ کرے گا تو پتہ چلے گا، اگر ایم پی اے کمپلینٹ کرے گا تو پتہ چلے گا۔ اچھا اب مجھے بتائیں کس ایم پی اے کو یہ نہیں پتہ کہ اس کے حلقے میں پٹواری کرپٹ ہے، کس ایم پی اے کو یہ نہیں پتہ کہ پٹواری کرپٹ ہے اور ایم پی اے شکایت کیوں نہیں لگاتا؟ یہ بات آپ کی سمجھ میں آگئی تھی۔ قہقہہ

جناب سپیکر: آئٹم نمبر 7، آئٹم نمبر 7، آنریبل منسٹر فار ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن۔ آئٹم نمبر 7 پلیز۔ آپ ادھر کھڑے ہو جائیں، آپ کی سیٹ ادھر ہے۔

(تالیاں)

جناب جمشید الدین (وزیر آبکاری و محاصل): بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ جناب سپیکر صاحب! میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ ایک ارب 7 کروڑ 36 لاکھ 4 ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دے دی جائے جو کہ 30 جون 2018 کو ختم ہونے والے سال کے دوران محکمہ آبکاری و محاصل کے سلسلے میں برداشت کرنا ہونگے۔

(قہقہے)

Mr. Speaker: The motion before the House is that a sum not exceeding rupees One billion, 7 crore, 36 lac, 4 thousand only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2018, in respect of Excise & Taxation and Narcotics Control.

Cut motions on Demand No. 07.

اس کے بعد نیکسٹ پھر دوسرا پروگرام شروع کریں گے۔ (قہقہے) جی محمد علی شاہ، محمد علی، سوری محمد علی۔اس میں آپ کو موقع دے دوں گا،اس کے اندر آپ کو موقع دے دوں گا۔

جناب محمد علی: جناب سپیکر! میں دس لاکھ روپے کی کٹ موشن پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees ten lac only. Syed Muhammad Ali Shah Bacha.

سید محمد علی شاہ: زہ خپل کټ موشن واپس کومہ جی۔

جناب سپیکر: جی محمد شیراز خان۔

جناب محمد شیراز: سر! زہ کټ موشن واپس کوم خو زما یو ریکویسټ دے چې کوم ډیر اهم ایشوز دی خاصکر پبلک هیلتھ دے دا نور بلدیات دی نو هغه کم از کم بلډوز کوئ مہ، زما دا ریکویسټ دے چې کوم خاص دغه دی۔ زہ خپل کټ موشن واپس کوم۔

جناب سپیکر: واپس اخلئ۔ مسٹر سردار حسین نہیں ہیں، نہیں ہیں۔ سلیم خان!

جناب سلیم خان: سر! منسٹر صاحب میرے بہت محترم ہیں،ان کی خاطر میں Withdraw کرتا ہوں۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: ملک نور سلیم۔

جناب نور سلیم ملک: منسٹر صاحب کو کیا کہیں ہم لوگ؟ Withdraw کرتے ہیں ہم لوگ۔بہت شکریہ۔

جناب سپیکر: اعظم خان درانی نہیں ہیں، مسٹر صالح محمد!

جناب صالح محمد: سر! کٹ موشن واپس لینا چاہتا ہوں اور ان کو سلام پیش کرتا ہوں۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: مسٹر اعزاز الملک افکاری۔

جناب اعزاز الملک: واپس لیتا ہوں۔

جناب سپیکر: جی، مسٹر فخر اعظم وزیر، مسٹر شاہ حسین خان الائی، مفتی سید جانان، سردار ظہور احمد۔ مسٹر محمود خان بیٹنی۔

جناب محمود احمد خان: سپیکر صاحب! منسټر صاحب ته زمونږ ته دا ریکویسټ دے چې دے د مونږ خالي په دې پوهه کړی چې دوئ پوره کال کښې څومره آمدن او څومره اخراجات، نور کټ موشن مونږ ټول اپوزیشن، منسټر صاحب ډیر ښه سړے دے خو دے به مونږ ته سر، سپیکر صاحب! تقریر په اردو کښې کوی لکه شا ته کال ئے چې کړے وو۔

(قہقہے اور تالیاں)

جناب سپیکر: سردار حسین بابک صاحب۔

جناب سردار حسین: سپیکر صاحب! زه د ایک هزار روپئ کټ موشن پیش کوم۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees one thousand only. Madam Sobia Shahid.

محترمہ ثوبیہ شاہد: جناب سپیکر صاحب! منسٹر بہت ہی اچھے ہیں اور اسلئے ہم اس کو واپس لیتے ہیں۔

جناب سپیکر: جی عبدالستار خان۔

جناب عبدالستار خان: سر! منسٹر صاحب کی طبیعت اور اس کی ملنگ شخصیت، پچھلے سال بھی ہم نے کہا تھا کہ ہم اس کو Contest نہیں کرتے اور میں واپس کرتا ہوں۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: سردار اورنگزیب نلوٹھا، میڈم عظمیٰ خان۔

محترمہ عظمیٰ خان: سر! ایک روایت چل پڑی ہے، سب واپس لے رہے ہیں تو منسٹر صاحب کی آنر میں I withdraw my cut motion.

(تالیاں)

جناب سپیکر: رقیہ حناء، میڈم رقیہ حناء۔

محترمہ رقیہ حناء: واپس لیتی ہوں۔

Mr. Speaker: Withdrawn. Aamna Sardar.

محترمہ آمنہ سردار: سر! کچھ چھوٹی موٹی باتیں ہیں وہ میں Written form میں منسٹر صاحب کو دے دوں گی اوران کے آنر میں ہم واپس لیتے ہیں۔

جناب سپیکر: میاں ضیاءالرحمان صاحب۔

میاں ضیاءالرحمان: سپیکر صاحب! میں بااخلاق، درویش اور فقیر صفت منسٹر صاحب کو سلام پیش کرتا ہوں اوران کے احترام میں واپس لیتا ہوں۔

جناب سپیکر: صاحبزادہ ثناءاللہ۔

صاحبزادہ ثناءاللہ: شکریه جناب سپیکر صاحب۔ چونکه دا منسټر صاحب زما خیال دے د عمر په لحاظ هم او د سینیارټی په لحاظ هم په ټولو کبنې د عمر په لحاظ مشر دے نو مونږ ټول د دوئ احترام کوؤ او دا کټ موشن واپس اخلم۔

جناب سپیکر: میڈم نگہت اورکزئی۔

محترمہ نگہت اورکزئی: جناب سپیکر صاحب! چونکہ منسٹر صاحب بااخلاق ہیں، عزت کرتے ہیں تو اس وجہ سے، خواتین کے ساتھ عزت سے پیش آتے ہیں تو اس وجہ سے یہ کٹ موشن واپس لیتی ہوں۔

(تالیاں اور قہقہے)

Mr. Speaker: Welldone, welldone.

(Applause)

جناب سپیکر: جی، سی ایم صاحب، جناب پرویز خٹک صاحب۔

جناب پرویز خٹک (وزیراعلیٰ): محترمہ نے بات کی ہے تو اس کا کیا مطلب کیا صرف یہی عزت کے لائق ہیں؟

(قہقہے)

جناب سپیکر: محمد رشاد خان، محمد رشاد۔

جناب بابر خان: سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: اس میں نہیں ہے آپ کا، ہے؟

جناب بابر خان: جی۔

جناب سپیکر: اچھا، اس کے بعد آپ۔

جناب بابر خان: سپیکر صاحب! زه ئې هسې هم واپس اخلم خو لږ د منسټر صاحب تعریف اوکړم ډیر زیات ښه سړے دے چې دا نور هم د دوئ په شان شی۔

(قہقہے اور تالیاں)

جناب سپیکر: مسٹر محمد رشاد خان۔

جناب محمد رشاد خان: سپیکر صاحب! منسټر صاحب ډیر شریف سړے دے او مخکښې علی امین ګنډاپور صاحب خفه شولو او د هغوی وجې نه ووتنګ وو نو هغوی له هم پکار ده چې اسمبلئ ته د بار بار مطلب راځی، دا دلته د دوئ دفتر، په دې صوبه کښې بنی ګاله ته د تلو نه زیات ذمه واریانې ئې زما په خیال دلته په صوبه کښې دی نو داسې به د جمشید خان شان هر سړے به خپل هغه تحریک واپس اخلی۔ زه صرف جی هغه، محکمې چې کوم ټیکسز هغه اهداف وو کوم چې تاسو هغه کوم ځان ته مقرر کړی وو، مخکښې بجټ کښې په دې باندې ډیر بحث شوے وو۔ د هغې باره کښې ما وئیل که جمشید خان مونږ لږ پوهه کړی۔ دویم دا جی اهم مسئله ډیره ضروری مسئله۔ زمونږ دلته خلق رجسټریشن کوی خپل دې صوبې کښې او بیا دا ګاډی چې کله ځی، پنجاب ته ځی یا سندھ ته ځی، هلته دوئ باندې دوباره هغه چې کوم دغه دی دا ټیکسز وی، هغه دوباره هغه Pay کوی نو دا مسئله د ډیر عمر نه روانه ده اوسنئ نه ده۔ په غټو ګاډو کښې په وړو ګاډو کښې زمونږ ګاډو ته ډیر، زمونږ نمبر پلیټ ته ډیر سپک کتلې کیږی۔ نو زه د منسټر نه دا تپوس کومه چې د دې د پاره صوبائی حکومت یا محکمې تر اوسه پورې څه اوکړل او دې سره زه خپل د کټوتئ تحریک هم واپس اخلم۔

جناب سپیکر: محمد علی صاحب۔

جناب محمد علی: شکریه جناب سپیکر۔ زما هم دغه سوچ وو چې کوم شهرام صاحب او علی امین ګنډاپور صاحب خپل د ډیپارټمنټ حوالې سره یو کارکردګی رپورټ ئې مخې ته ایښودے وو چونکه د دې ډیپارټمنټ متعلق کوئسچنې هم کمې راځی

اسمبلی فلور ته، داسې کال اټینشن وغیره هم ډیر کم راځي۔ نو عرض زمونږ دا ووچې دا منسټر صاحب د دلته کارکردګۍ رپورټ پیش کړی خو ملګرو ټولو د ده په حق کښې Withdraw شوی دی نو د منسټر صاحب که د ډیپارټمنټ کارکردګي دلته بیان نشي نو د ده خپله پرسنلي کارکردګي وی نو لهذا زه په خپله Withdraw کیږم۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: نیکسټ، پلیز۔ سردار حسین بابک صاحب! زما په خیال تاسو د ټولو په ځائي خبره اوکړئ نو۔

جناب سردار حسین: شکریہ سپیکر صاحب۔ میں ابھی تک صرف اسی لئے انتظار کرتا رہا کہ تمام ممبران کہتے ہیں کہ میاں صاحب جو ہیں وہ بڑے شریف النفس ہیں، اچھے ہیں، تو میں بھی یہ سوچ رہا تھا کہ میں بھی اگر جلدی لے لوں تو خدانہ کرے ان کو نظر نہ لگ جائے تو "نظر ماتي" کیلئے میں نے چیز موؤ کی ان شاءاللہ ایسی کوئی بات نہیں رہے گی لیکن یہ ہے کہ ضرور نوٹس میں میں پہلے بھی میاں صاحب کے لایا تھا جب ہماری حکومت تھی تو جو ٹوبیکو سیس ہوا کرتا تھا، ٹوبیکو سیس بونیر میں تین Constituencies سے اور تینوں حلقوں میں برابر تقسیم ہوتا تھا لیکن بدقسمتی سے، مجھے پتہ ہے اس میں آپ کا کوئی قصور نہیں ہوگا لیکن بدقسمتی سے جب انصاف والوں اور اسلام والوں کی حکومت آئی ہے تو آپ پچھلے 2008 سے 2013 کا ریکارڈ اٹھائیں، بونیر میں جتنا بھی ٹوبیکو سیس ہوا کرتا تھا، وہ تین مختلف Constituencies پہ Equally distribute ہوتا تھا، ابھی آپ اٹھائیں تو آپ کو خود اندازہ ہو جائے گا کہ مساوات اور اسلام اور انصاف کے تقاضے کہاں تک پورے ہو رہے ہیں؟ تو صرف یہی، اور دوسرا میرا یہ تھا کہ ابھی ماشاءاللہ آخری بجٹ بھی پاس ہو گیا ہے، چار بجٹ تو ہو گئے ہیں ہم نے آپ کو سنا نہیں، (قہقہے) کسی نے آپ کو نہیں سنا ہے، پھر میری یہ خواہش تھی کہ میں ذرا پوچھوں کہ یہ جو ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن ہے، اس کے ریونیو میں کتنا اضافہ ہوا ہے یا Overall چار سال میں آپ لوگوں نے ابھی تک کیا کچھ کیا ہے؟ ان شاءاللہ اس کے بعد میں، ابھی سے واپس لیتا ہوں لیکن ان دو نکتوں پر اگر آپ ذرا بات کر لیں تو ہمیں خوشی ہو گی۔

جناب سپیکر: جی، حبیب الرحمان صاحب بات کرنا چاہتے ہیں۔

جناب حبیب الرحمان (وزیر زکواۃ): بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریہ جناب سپیکر۔ سردار حسین بھائی نے جو بات کہی، میں صرف ٹوبیکو سیس کے حوالے سے بات کرتا ہوں۔ یہ اس کا ایک طریقہ کار ہے اور جن علاقوں میں جتنا ٹوبیکو ہوتا ہے یعنی تین حلقے ہیں، میرے حلقے میں سب سے زیادہ وہاں Tobacco growers ہیں، اس کے حلقے میں دوسرے نمبر پر ہیں اور مولانا مفتی غفور کے حلقے میں نہ ہونے کے برابر ہیں اور یہ ہر سال Analyze کرتا ہے ایگریکلچر ڈیپارٹمنٹ اور وہ ایگریکلچر ڈیپارٹمنٹ کی رپورٹ، Crop reporting کے ذریعے وہ یہاں آتی ہے اور ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کے ساتھ ملکر جس طرح صوابی میں یہ جھگڑا چل رہا ہے، اس کی حکومت میں اسلئے یہ ہوا تھا برابر میں تقسیم کہ ان کے سارے ممبر زان کے اپنے تھے، وہاں یہ تقسیم نہیں تھی اور اس وجہ سے یعنی پچھلی گورنمنٹ میں اگر یہ ہوا ہوگا مجھے پتہ نہیں ہے لیکن اس کا ایک طریقہ کار ہے اور ایک فارمولے کے مطابق یہ چل رہا ہے اسلئے وہی طریقہ ٹھیک طریقہ ہے اور جتنے بھی Growers ہیں کیونکہ ٹوبیکو سیس کا مقصد ہی یہی ہے کہ جن علاقوں میں یہ Cultivate ہوتا ہے، ان کی تناسب سے یہ رقم ان لوگوں کو دی جاتی ہے، میں صرف یہ وضاحت کرنا چاہ رہا ہوں۔

جناب سپیکر: جی، میاں صاحب، میاں جمشید صاحب۔

(تالیاں)

جناب جمشید الدین (وزیر آبکاری و محاصل): یره محمود خانه! ته هم مونږ نه پرېږدې کنه۔ بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ ٹھیک ہے، بابک صاحب نے ٹھیک کہا، بولیں آپ لوگوں کی چار سال سنتے رہے ہیں۔ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کی کارکردگی کے بارے میں درج ذیل تفصیلات یقیناً میرے Colleagues کیلئے اطمینان کا باعث ثابت ہوں گے اور یہ محکمہ ہذا کی کارکردگی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ ہماری حکومت نے اٹھارہویں ترمیم کے تناظر میں KPRA کا قیام عمل میں لایا، سیلز ٹیکس اینڈ سروسز کی مد میں اربوں روپوں کی اضافی آمدن سے صوبے کی مالی حالت بہتر بنانے میں اہم کردار ادا کیا۔ (تالیاں) جب ہم آئے 2013 میں تو ہمیں ایف بی آر کی، ایف بی آر کے تھرو ملتا تھا چار بلین روپیہ، ابھی 2017 تک وہ ہم لے گئے چار ارب سے دس ارب روپے تک وہ ہم دے رہے ہیں اور ان شاء اللہ جب 2018 مالی سال ختم ہوگا تو یہ ٹارگٹ 13.5 بلین تک ہم پہنچائیں گے ان شاء اللہ۔ (قہقہے اور شور)

صبر خبره واؤرئ مړه، بنه دې نه علاوه، اس کے علاوہ جو ایکسائزڈیپارٹمنٹ ہے، جب ہم آئے تو دو ارب روپے جو تھا وہ ٹارگٹ تھا، دو ہزار سے ہم لے گئے 3.5 بلین تک، کارکردگی، اور آپ کیا چاہتے ہیں؟ (قہقہے اور شور) شکریہ، میں آپ سب کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور جو مجھے عزت دی اللہ آپ کو اس سے ہزار گنا زیادہ عزت دے دے۔ والسلام۔

(تالیاں)

<u>جناب سپیکر</u>: جی جی، جی محمد علی شاہ باچا، محمد علی شاہ باچا۔

<u>سید محمد علی شاہ</u>: یو یو ګاډی اعلان ټولو د پاره اوکړئ میاں صاحب۔

<u>Mr. Speaker</u>: Since all the honourable Members have withdrawn their-----

<u>جناب اعزازالملک</u>: جناب سپیکر!

<u>جناب سپیکر</u>: سوری، اعزازالملک افکاری۔

<u>جناب اعزازالملک</u>: معزز منسټر صاحب خپله کارکردګی پیش کړه او ټوله محکمه الحمد لله په خندا خندا چلوی او زما سره ئې هم یو کار کړے دے زما په حلقه کښې چې صرف د هغې وضاحت اوکړی۔ څکه چې ایم پی اے په مشوره باندې یو کلاس فور کیړی او ډیر اهم غریب سړے ئې پاتې کړے دے او خپل د یو دوست ملګرے ئې اخستې دے د هغه ځوئی، نو دا کار ئے کړے دے که بیا ئې نه کوی نو دا خپل کټ موشن واپس اخلم۔ بیا به ئې نه کوی۔

<u>وزیر آبکاری و محاصل</u>: بیا به نه کومه۔

(قہقہے)

<u>Mr. Speaker:</u> Since all the honorable Members have withdrawn their cut motions on Demand No. 7, therefore, the question before the House is that Demand No. 7 may be granted? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

<u>Mr. Speaker</u>: The 'Ayes' have it. Demand is granted.

معززاراکین اسمبلی! جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ آج کا ایجنڈا بہت زیادہ ہے، لہذا میں قاعدہ 148 کی ذیلی قاعدہ 4 کے تحت اختیارات کو بروئے کار لاتے ہوئے سالانہ بجٹ برائے مالی سال 18-2017 کے تمام مطالبات زر کو بغیر بحث کے حسب قاعدہ ایوان کی رائے کے بغیر منظور کرتا ہوں۔ جی جی۔

جناب سردار حسین: جناب سپیکر! ما لہ لږہ موقع را کړہ، ما لہ لږہ موقع را کړہ۔

جناب سپیکر: جی بابک! بات کرو جی۔

جناب سردار حسین: نہ نہ، ګورہ دا خو دا سې ہم نہ دہ کنہ۔

جناب سپیکر: جی جی۔

جناب سردار حسین: دا مارشل لاء خو نہ دہ کنہ سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: جی جی۔

جناب سردار حسین: مارشل لاء نہ دہ کنہ، مارشل لاء نہ دہ، مارشل لاء نہ دہ، ما لہ یو منټ موقع را کړئ۔

جناب سپیکر: جی جی۔

جناب سردار حسین: ریکویسټ کوم، ګورہ دا خو مونږ دا منو، میں مانتا ہوں کہ آپ کے پاس یہ اختیار ہے، میں یہ کہوں گا کہ پھر یہ اختیارات کا ناجائز استعمال ہے، یہ بجٹ ہے، چار سال ہو گئے چار سال، اپوزیشن کو اسی حکومت نے دیوار سے لگایا، ہمارے پاس صرف یہ ایک بجٹ سیشن رہتا ہے اور یہی موقع ہمارے پاس رہتا ہے جس میں ہم اپنے حلقوں کے، اپنی پارٹیوں کی نمائندگی کا حق ادا کر سکیں، اب وہ حق بھی ہم سے لے رہے ہیں، ایمرجنسی کیا ہے؟

جناب سپیکر: نہیں نہیں، معذرت کے ساتھ کہتا ہوں۔

جناب سردار حسین: نہیں نہیں، ایمرجنسی کونسی ہے؟ آپ کے پاس اختیار ہے، رولز میں آپ کے پاس اختیار ہے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: میرے پاس اختیار بھی ہے اور میں نے اسمبلی سے وہ کیا ہے، آپ مجھے بات کرنے دیں پلیز۔

(مداخلت) سردار حسین صاحب! آپ نے جو بات کی ہے، میں نے اسمبلی سے یہ شیڈول پاس کروایا۔

(مداخلت)   آپ مجھے دیکھیں، آپ مجھے بات، اب میں آپ کو موقع دیتا ہوں۔   (مداخلت)
نہیں پلیز آپ بات سن لیں، آپ بات سن لیں، میں تو بات کر لوں پھر آپ بات کر لیں۔   (مداخلت)
نہیں میں صرف یہ کہنا چاہتا ہوں کہ میں نے شیڈول پاس کیا ہوا ہے اسمبلی سے، شیڈول کی منظوری آپ لوگوں نے دی ہے، میں نے شیڈول پاس کیا ہوا ہے اسمبلی سے۔۔۔۔۔

جناب سردار حسین: مجھے موقع دے دے نا، مجھے تو بات کرنے کا تو موقع دے دیں۔

جناب سپیکر: جی جی۔

جناب سردار حسین: بات کا تو آپ موقع دے دیں نا۔

جناب سپیکر: ہاں جی۔

جناب سردار حسین: دیکھیں سپیکر صاحب! یہ بجٹ ہے اور اسی بجٹ نے اور اسی ہاؤس نے پاس کرنا ہے، اسی بجٹ کو اسی ہاؤس نے پاس کرنا ہے۔ ہم دیکھ بھی رہے ہیں کہ سارے بجٹ میں حکومت نے اپوزیشن کو دیا کیا ہے؟ ہم آپ کو کسٹوڈین سمجھتے ہیں اسی لئے ان اجلاسوں میں آتے ہیں، ہم آپ کو کسٹوڈین سمجھتے ہیں اسی لئے اس اسمبلی کے وقار کو برقرار رکھنے کیلئے اپنا ایک کردار ہے، ایک پولیٹکل کارکن کی حیثیت سے اور ایک ممبر کی حیثیت سے ادا کرتے ہیں لیکن مجھے بتایا جائے کہ کونسی ایمرجنسی، یہ رولز میں تو لکھا ہے کہ Days, Days، مجھے پتہ ہے جب آپ نے ہمیں بلایا، میں نہیں آیا، مجھے پتہ تھا، میں نے مولانا لطف الرحمان کو کہا بھی کہ جانا نہیں چاہیئے، نلوٹھا بھی نہیں آیا اور میں بھی نہیں آیا، یعنی جو بجٹ تیار ہو رہا تھا اسی بجٹ میں حکومت نے یہ مناسب نہیں سمجھا کہ ہم سے مشاورت کر لے، ہمیں ساتھ بٹھائے، پھر بجٹ کو پاس کرنے کیلئے اور پھر حکومت اپنے طریقے سے پاس کرنے کیلئے ہمیں بٹھا کر یہی کرنا تھا اسلئے میں نہیں آیا تھا۔ پھر بھی آپ نے اپنا شیڈول رکھا، یہ شیڈول حکومت کا شیڈول تھا ورنہ آج ابھی عید میں کتنے دن رہتے ہیں، یہ سارے صوبے کیلئے ایک بجٹ نے پاس ہونا ہے، اسی بجٹ پہ بحث نہیں ہو گی، اسی بجٹ پر تجاویز نہیں آئیں گی تو کیا میں پوچھ سکتا ہوں کہ سات کٹ موشنز تک تو تجاویز آ گئیں، یہ باقی جو کٹ موشنز ہیں اس کا مطلب یہ ہے کہ بنا بنایا بجٹ آ کے اس اسمبلی سے پاس ہو گا، لہذا سپیکر کا یہ رویہ، حکومت کا یہ طریقہ، اسمبلی

کا یہ طریقہ، یہ جمہوری بھی نہیں ہے، یہ آمرانہ طریقہ ہے اور ہم اس طریقے کی بھرپور مذمت کرتے ہیں جناب سپیکر صاحب! بھرپور مذمت کرتے ہیں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: میں بالکل وضاحت کرنا چاہتا ہوں، نمبر ون، نمبر ون ایک منٹ، میں سب سے پہلے، نہیں سکندر خان! آپ بات کرلیں، سکندر خان۔

جناب سکندر حیات خان {سینیئر (وزیر آبپاشی)}: سپیکر صاحب! بابک صاحب نے تو اعتراض اٹھایا لیکن میں ان سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ اس سے پہلے بھی یہ اسمبلی رہ چکی ہے، ان کی حکومت بھی رہ چکی ہے، اس میں تین تین دن میں بھی بجٹ پاس ہو چکے ہیں تو ایسے بھی وہ نہیں ہے۔ (تالیاں) یہ ماضی میں بھی اس کے Precedents موجود ہیں تو اس حوالے سے ان کو وہ نہیں کرنا چاہیئے۔ آپ نے تو ٹائم دیا اور اس میں ان کو پہلے سے یہ Realized کرنا چاہیئے تھا اور Selected کٹ موشنز کے اوپر، ڈیمانڈز کے اوپر ان کو کٹ موشنز پیش کرنے چاہئیں تھیں لیکن اب چونکہ ایک شیڈول ہے اور وہ بزنس ایڈوائزری کمیٹی جو آپ نے بلائی تھی، سارے پارلیمنٹری لیڈرز کو بلایا، اس میں ڈسکس ہوا اور اس میں طے ہوا شیڈول، تو اس کے بعد میرے خیال میں ابھی ادھر اگر اس بات کو اٹھایا جائے تو یہ اس لحاظ سے زیادتی ہے۔ بابک صاحب کہہ رہے تھے کہ یہ نہیں تھے لیکن لیڈر آف دی اپوزیشن صاحب موجود تھے، ان کے نمائندے موجود تھے، تو اس حوالے سے یہ بھی نہیں ہو سکتا ہے کہ جی Individual وہ ہو، آپ نے اپنا نمائندہ بھیجا تھا تو اس حوالے سے وہ تھا اور میرے خیال میں یہ ماضی میں کیونکہ Precedent ہے تو اس کیس میں اس کے اوپر وہ نہیں کرنا چاہیئے۔

جناب سپیکر: جی محمد علی شاہ باچا۔

سید محمد علی شاہ: سپیکر صاحب! زمونږه بابک صاحب لږ جذباتي شوے دے۔

جناب سپیکر: محمد علی شاہ باچا صاحب۔

سید محمد علی شاہ: سپیکر صاحب! مونږه بالکل تاسو له درغلي وو صرف د شیډول د حده پورې مونږه ډسکشن کړے دے۔ چې شیډول تاسو مونږ ته مخې ته کیښنودو د شیډول د حده پورې زمونږه اپوزیشن لیډر دے، زمونږه مشر دے۔ زه ورسره درغلے یمه، مونږه پرې باقاعده ډسکشن کړے دے خو صرف د شیډول تر حده

پورې مونږه کړے دے۔ دا مونږه نه دی کړی چې یره تاسو ډیمانډز بلډوز کړئ یا بل دا، د شیډول تر حده پورې اوس هم په خپل شیډول باندې ولاړ یو او مولانا صاحب هم دا دے مخامخ ناست دے۔ د شیډول تر حده پورې مونږه مطمئن یو خو کم ازکم دا پکار ده چې اووه که دغه ډیمانډز راغلل نو دا سې یو Selective ډیمانډز د مخې ته کیږدی او پکار ده چې په هغې باندې ډسکشن اوشی، د هغې نه پس تاسو چې کومه کارروائی کول غواړئ۔

جناب سپیکر: جی مولاناصاحب، سکندر خان۔

سینیئر وزیر (آبپاشی): سر! یہ تواس وقت ان کو ڈسکس کرنا چاہیئے تھا، جب شیڈول ڈسکس ہو رہا تھا اس وقت ان کو یہ احساس ہونا چاہیئے تھا کہ اس میں یہ ہو گا اور اس وقت ان کو وہ کرنا چاہئیے تھا، ایسے اس میں وہ نہ کریں کیونکہ پہلے شیڈول میں اگر آپ دو دن رکھتے ہیں تو اس میں پھر اس کے مطابق ہی وہ ہو گا۔ اس میں Obviously جب ٹائم گزر جائے گا تو سپیکر صاحب کو اپنا اختیار استعمال کرنا پڑے گا اور یہ میرے خیال میں رولز کے مطابق ایک بات ہے، اس کے اوپر ان کو اعتراض نہیں کرنا چاہیئے جی۔ شکریہ۔

جناب سپیکر: مولاناصاحب۔ جی، مولاناصاحب۔

مولانالطف الرحمان قائد حزب اختلاف: جناب سپیکر صاحب! دا سې ده چې دا کومه خبره چې محمد علی شاه باچا اوکړه چې Selective هغه پکښې واخلو، په هغې باندې بحث اوشی۔ بیا ټهیک ده بیا د هغې نه پس تاسو خپل هغه کارروائی اوکړئ۔

جناب سپیکر: جی جی، بالکل مطلب چې دے زمونږه روژه هم ده او ټائم هم دغه کوؤ۔

قائد حزب اختلاف: لا ټائم شته کنه، لا ټائم شته۔

جناب سپیکر: تاسو چې کوم ډیپارټمنټس دغه وئیلی وو مونږه په هغې باندې Agree یو خو بیا مونږ ته اندازه اولګیده چې څه خلق پرې نه دی Agree۔ په دې وجه زه په هغې باندې لاړمه۔ جی میډم، جی میډم نګهت اورکزئی۔

محترمہ نگہت اورکزئی: سر! ایک تو جو بھی پارلیمانی لیڈرز نے جا کے آپ سے Decide کیا، سب سے پہلے تو میں یہاں پہ ایک تو آپ کی چیئر کا ہمیں بہت زیادہ احترام ہے لیکن آپ نے تمام ٹائم مردوں کو دیا لیکن عورتوں کو صرف تین تین چار چار منٹ دے کر ان کی تقاریر بھی کاٹ دیں، چلیں وہ بھی ہم نے کہا ٹھیک ہے لیکن ابھی جو کٹ موشنز ہیں جیسے ہوم پہ ہم نے چھوڑ دیا سب کچھ، میں نے تو صرف دس موشنز پر بات کرنے کی اجازت مانگی ہوئی ہے نا، اس میں ہم ہیلتھ پہ اگر بات نہیں کرتے ہیں جو کہ Important ہے، اگر ہم ایجوکیشن پہ بات نہیں کرتے ہیں، اگر ہم پولیس پہ بات نہیں کرتے ہیں، اگر ہم پبلک ہیلتھ پہ بات نہیں کرتے ہیں جناب سپیکر صاحب! تو یہ بہت بڑی ایک زیادتی ہو گی کیونکہ ہیلتھ پہ بات کرنا اسلئے ضروری ہے کہ جو کچھ آج ہو رہا ہے ڈاکٹروں کے ساتھ، جو کہ آج جو زیادتیاں ہو رہی ہیں ڈاکٹرز ہاسپیٹلز میں، پولیس کی مار کٹائی کی وجہ سے وہ ہاسپیٹلز میں پڑے ہوئے ہیں، تو سر! اس میں کیا ہو گا، اس میں کون ایکشن لے گا؟ تو وہ ہم بات سی ایم تک پہنچانا چاہتے ہیں کہ مذاکرات کی طرف آئیں۔

جناب سپیکر: چیف منسٹر صاحب، میں Basically، ابھی تو میں نے مطلب اناؤنس کیا ہے سارا اور ہم چاہ رہے تھے کہ آپ کے ساتھ بیٹھ کے کوئی بات کریں تو کوئی طریقہ ہونا چاہیئے۔

جناب سردار حسین: جناب سپیکر صاحب! یہ کوئی طریقہ نہیں ہے، ہم اسی کرسی کا تو احترام کرتے ہیں تو آپ احترام ضرور کرو گے۔ کونسی ایمرجنسی ہے، کونسی ایمرجنسی ہے، کونسی ایمرجنسی ہے؟ آپ ہمیں وقت دو، آپ ہمیں ٹائم دو۔

جناب سپیکر: نہیں دیکھیں، دیکھیں آپ کا طریقہ بالکل نامناسب ہے سردار حسین صاحب، میں آپ کی پارٹی کا۔۔۔۔

جناب سردار حسین: میرے جو الفاظ، میرے جو الفاظ غیر پارلیمانی ہوں گے، ان کو Expunge کیا جائے، میرے جو الفاظ، میرے جو الفاظ پارلیمانی نہیں ہوں گے، اس کو Expunge کر لیں، میرے الفاظ اگر پارلیمانی نہیں ہوں گے تو Expunge کر لیں لیکن یہ کوئی طریقہ نہیں، یہ کونسا طریقہ ہے؟

جناب سپیکر: میں بالکل آپ، یہ کوئی طریقہ نہیں ہے جس Attitude سے آپ Behave کرتے ہیں، یہ مناسب نہیں ہے، یہ مناسب نہیں ہے۔ یہ اس طرح، دیکھیں، بجائے اس کے آپ کوئی Suggest کر

لیں، اس کی جگہ آپ جس قسم کے الفاظ استعمال کرتے ہیں، مناسب نہیں ہے۔ آپ مجھے بتائیں کیا Suggest، جس طرح محمد علی شاہ باچانے Suggest کیا، جس طرح مولانا صاحب نے Suggest کیا اور آپ ایک طرف سے بات کرتے ہیں۔ Ji, Demand No. 8. Minister for Law, on behalf of Chief Minister.

جناب امتیاز شاہد (وزیر قانون): جناب سپیکر! میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ ایک ارب 65 کروڑ 44 لاکھ 69 ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دے دی جائے جو کہ 30 جون 2018 کو ختم ہونے والے سال کے دوران داخلہ وقبائلی امور کے سلسلے میں برداشت کرنا ہونگے۔

(مداخلت)

جناب سپیکر: ہاں جی، میں صرف مولانا صاحب! چونکہ میں کسٹوڈین آف دی ہاؤس ہوں، میں تمام اس کو چلاؤں گا۔ میں نے اپنے اس کے مطابق تمام پارلیمانی پارٹیز لیڈرز کو بلایا، ان سے مشاورت کی، ایک انڈرسٹینڈنگ ڈیویلپ ہوئی۔ مجھے اگر آپ ایک Suggestion دیں کہ یہ طریقہ ہے تو وہ ٹھیک ہے لیکن اس میں تو ایک طریقہ ہوتا ہے بات کرنے کا، اس پر مجھے افسوس ہے بہر حال آپ مجھے بتائیں، مولانا مجھے Suggest کریں کہ کیا اس میں ہم ابھی کر سکتے ہیں تاکہ آج ہم باقاعدہ یہ ایجنڈا ابھی پورا کریں۔ جی شاہ فرمان، شاہ فرمان۔

جناب شاہ فرمان (وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ): سپیکر صاحب! میں ایک منٹ، میں بات کرتا ہوں۔ جناب سپیکر! جناب سپیکر! یہ جو بجٹ کے دوران شیڈول جاری ہوا یا اس وقت جس ایشو کے اوپر بحث ہے، میں صرف جناب سپیکر! آپ کے سامنے ایک ایشو رکھنا چاہتا ہوں۔ اس اسمبلی کا ریکارڈ موجود ہے، اس اسمبلی کے اندر پارٹی ممبران کی تعداد بھی موجود ہے، سب سے پہلے وہ ریکارڈ نکالا جائے کہ کس پارٹی کے کتنے ممبرز ہیں اا وران کو کتنا ٹائم ملا اور پھر Individual ریکارڈ، Individual ریکارڈ آپ منگوائیں اور اس ہاؤس کو بتادیں کہ Individually کس کو کتنا ٹائم ملا۔ میں سمجھتا ہوں کہ لیڈر آف اپوزیشن مولانا صاحب ہیں لیکن لیڈر آف اپوزیشن کا کردار بابک صاحب ادا کر رہے ہیں۔ اگر پوری اسمبلی میں سب سے زیادہ ٹائم بابک صاحب کو ملا ہے تو بجٹ کے اس شیڈول میں ان کو اعتراض نہیں کرنا چاہیئے۔ یہ میری گزارش ہے کہ

دونوں چیزیں ہاؤس کے سامنے لائی جائیں کہ اگر پارٹی کے ممبران چار ہیں اور سب سے زیادہ ٹائم ملا ہے اور Individuallyاگر ایک ممبر کو سب سے زیادہ ٹائم ملا ہے تو ہاؤس کو پتہ ہو تا کہ سپیکر پر اعتراض کرنے سے پہلے حقیقت اس ہاؤس کے سامنے آپ کو لانی ہو گی مسٹر سپیکر۔

جناب سپیکر: جی مولانا لطف الرحمان صاحب! مولانا لطف الرحمان صاحب!

قائد حزب اختلاف: سپیکر صاحب! ما مخکښې هم خبره اوکړه چې دیکښې تاسو Selective Demands چې کوم کړی دی او په هغې باندې ډسکشن اوشی-----

جناب سپیکر: تاسو کوم لکه کوم دوه درې ما ته اووایئ تاسو که لکه د مثال په طور ایجوکیشن، هیلته او لوکل ګورنمنټ وایئ۔

قائد حزب اختلاف: ایجوکیشن دے، هیلته دے، ایریګیشن دے او پولیس دے، دا څلور پینځه ډیپارټمنټس باندې، د هغې په Demands for grant باندې تاسو ډسکشن اوکړئ۔

جناب سپیکر: جی چیف منسټر صاحب! چیف منسټر صاحب!

قائد حزب اختلاف: پبلک ہیلتھ۔

جناب سپیکر: چیف منسٹر صاحب، جی عنایت خان!

نکتہ اعتراض

جناب عنایت اللہ {سینیئر وزیر (بلدیات)}: میں دوبارہ اسی بات کو دہراؤں گا، آپ کی توجہ چاہتا ہوں سپیکر صاحب! آپ نے مجھے وقت دیا ہے، آپ کی توجہ چاہتا ہوں، یہ اگر Possible ہے کہ Selective Departmentsکے اوپر جو ڈسکشن ہے، وہ آپ Manageکر سکیں گے اور جو آپ کے ساتھ جو اسمبلی کا اپنا دورانیہ ہوتا ہے، وہ بھی رولز آف بزنس کے اندر Fixہوتا ہے کہ اسمبلی کے ایک سیشن میں آپ کتنے گھنٹے بیٹھ سکتے ہیں، وہ آپ Calculateکریں اپنے اسمبلی سٹاف سے پوچھ کر کہ کتنے گھنٹے بیٹھ سکتے ہیں، اس کے اندر اگر آپ Manageکر سکتے ہیں تو پھر ٹھیک ہے Selective Departments، لیکن میرا خیال ہے اور میں Sureہوں اس پر کہ اس رولز آف بزنس کے اندر آپ ایک سیشن کے اندر جتنے

گھنٹے بیٹھ سکتے ہیں، اس میں آپ نے Already تین گھنٹے Exhaust کر دیئے ہیں And you have only one hour، تو اب آپ یہ جو چالیس پچاس کٹ موشنز ہیں، کیا یہ ڈیمانڈز ڈسکشن کے ساتھ گرانٹ ہو سکیں گے؟ اس دن یہ کارروائی مجھے نہیں لگتا ہے کہ آپ نہیں کمپلیٹ کر سکیں گے، اسلئے آپ نے جو Decision لیا ہے وہ ٹھیک ہے۔

جناب سپیکر: انیسہ، انیسہ زیب۔ میڈم انیسہ زیب۔ میڈم انیسہ زیب۔

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی (وزیر معدنی ترقی): Thank you, Mr. Speaker Mr. Speaker, we have great respect for the honourable Opposition Members، ہمیں ان کا بہت خیال ہے، ہم سمجھتے ہیں کہ ان کی Input بہت Important ہے لیکن اس چیز کو Realize کرنا پڑے گا کہ آپ کی پاورز Although Inherent ہیں لیکن اگر آپ ایک دفعہ Guillotine آرڈر کرتے ہیں تو پھر Selective نہیں ہو سکتا، اگر وہ کسی جگہ چاہتے ہیں کسی خاص منسٹری میں تو وہاں تک جانے کیلئے دو صورتیں ہیں یا تو اپوزیشن کے ممبرز جنہوں نے کٹ موشنز پیش کی ہیں، وہ Straightaway اس بات کا اعلان کریں کہ وہ اپنی کٹ موشنز Withdraw کرتے ہیں ایک ہی go میں اور ہم تیزی سے اس پر ووٹنگ کریں اور پھر ہم Selective positions پر پہنچ کر جس منسٹری میں یہ چاہتے ہیں، سوشل سیکٹر ہے، ایجوکیشن ہے یا لوکل گورنمنٹ ہے، اس پر ہم ان کی کٹ موشنز، لیکن ایک دفعہ آپ Guillotine اناؤنس کر دیں اس کے بعد پھر یہ Selective پھر نہیں ہو سکتا Under the rules Mr. Speaker.

سالانہ مطالبات زر برائے مالی سال 18-2017 پر بحث و رائے شماری

جناب سپیکر: جی میں اس طرح کرتا ہوں کہ کچھ ڈیپارٹمنٹس میں آخر میں، میں اس کو آخر میں لیتا ہوں تاکہ میں تھوڑا ایجنڈا آگے بڑھا لوں، یہ چار پانچ ڈیپارٹمنٹس ہیں چار پانچ، (مداخلت) ایک منٹ جی، اچھا یہ تو اناؤنس ہو چکا ہے، اس کو میں کرتا ہوں، آگے پھر میں دو تین آپ کہتے ہیں اس کو میں Reconsider کروں گا لیکن پہلے میں، The motion is moved and now the question is that a sum not exceeding rupees 01 billion, 65 crore, 44 lac, 69 thousand only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2018, in respect of Home?

Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Demand is granted. Demand No. 9.آٹھ نمبر کو چھوڑ دیا۔ Adviser to the honourable Chief Minister.

ملک قاسم خان خٹک (مشیر جیلخانہ جات): بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ میں On behalf of Chief Minister تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 2 ارب 2 کروڑ 45 لاکھ 15 ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دے دی جائے جو کہ 30 جون 2018 کو ختم ہونے والے سال کے دوران محکمہ جیلخانہ جات کے سلسلے میں برداشت کرنا ہونگے۔

Mr. Speaker: The motion is moved and now the question is that a sum not exceeding rupees 2 billion, 2 crore, 45 lac, 15 thousand only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2018, in respect of Prisons? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Demand is granted. Demand No. 10, honourable Minister for Law.

جناب امتیاز شاہد (وزیر قانون): میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 39 ارب 73 کروڑ 36 لاکھ 61 ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دے دی جائے جو کہ 30 جون 2018 کو ختم ہونے والے سال کے دوران پولیس کے سلسلے میں برداشت کرنا ہونگے۔

Mr. Speaker: The motion is moved and now the question is that a sum not exceeding rupees 39 billion, 73 crore, 36 lac, 61 thousand only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2018, in respect of Police?

Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Demand is granted.

(Interruption)

جناب سپیکر: چلو آپ، یہ تو وہ ہوم ڈیپارٹمنٹ ہو گیا پھر آپ کو موقع دے دیں گے، اس کے اوپر آپ بالکل بات کرلیں گے، آخر میں میں موقع دوں گا اس کیلئے۔ ڈیمانڈ نمبر 11، آنریبل منسٹر فار لاء۔

وزیر قانون: جناب سپیکر! میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 4 ارب 13 کروڑ 82 لاکھ 17 ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دے دی جائے جو کہ 30 جون 2018 کو ختم ہونے والے سال کے دوران عدل اور انصاف کے سلسلے میں برداشت کرنا ہونگے۔

